آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز بدھ 15 جولائی 2020ء بمطابق 23 ذیقعد 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 193

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45
اہل تشیع فجر صبح	04:15
اہل تشیع ظہرین	01:00
اہل تشیع مغربین	07:27

ماضی میں غیر مناسب منصوبہ بندی سے وسائل کا ضیاع ہوا، وزیراعلیٰ بلوچستان

انفرادی طور پر کئے گئے فیصلوں کے اداروں اور نظام پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں، ہر شعبہ میں قواعد وضوابط اور قوانین کا موثر نفاذ ہی اداروں اور نظام کی مضبوطی کی ضمانت فراہم کرتا ہے

صوبے کے مختلف علاقوں میں تعمیر ہونے والی نئی عمارتوں کے ڈیزائن اس علاقے کے موسمی حالات کے مطابق بنانے اور تعلیمی اداروں کی تعمیر میں پری فیب ٹیکنالوجی کے استعمال کی ہدایت کی

رواں مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں شامل صحت اور تعلیم کے شعبوں کی عمارتوں کی تعمیر کے ڈیزائن کا جائزہ لینے کے لئے منعقدہ اجلاس کے دوران کیا' وزیراعلیٰ بلوچستان کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (ن ح ن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ ماضی میں ترقیاتی شعبہ میں غیر مناسب منصوبہ بندی اور ناقص محصولات آمدہ سے وسائل کا ضیاع ہوا، انفرادی طور پر کئے گئے فیصلوں کے اداروں اور نظام پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں، ہر شعبہ میں قواعد وضوابط اور قوانین کا موثر نفاذ ہی اداروں اور نظام کی مضبوطی کی ضمانت فراہم کرتا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے رواں مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں شامل صحت اور تعلیم کے شعبوں کی عمارتوں کی تعمیر کے ڈیزائن کا جائزہ لینے کے لئے منعقدہ اجلاس کے دوران کیا، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی وترقیات عبدالرحمن بزدار،

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان رواں مالی سال کی پی ایس ڈی پی میں شامل اسپتالوں صحت کے مراکز اور تعلیمی اداروں کی عمارات کے ڈیزائن کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس: گندم کی ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

ملک بھر میں گندم اور آٹے کی وافر دستیابی کو یقینی بنانے اور قیمتوں کو یکساں سطح پر لانے کے لئے جہاں بین الصوبائی کوآرڈینیشن کو مزید بہتر کیا جائے وہاں جامع اور منظم انتظامی اقدامات کو یقینی بنایا جائے

چیف سیکرٹری خیبرپختونخواہ اور چیف سیکرٹری بلوچستان کو گندم کی اسمگلنگ کی روک تھام کو مکمل طور پر یقینی بنانے کی ہدایت' ملک بھر میں گندم کی ذخیرہ اندوزی میں ملوث افراد کے خلاف فوری کریک ڈاؤن کیا جائے

مستقبل میں گندم اور آٹے کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے گندم کی درآمد کے فیصلے پر عمل درآمد کے حوالے سے منصوبہ بندی کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی زیر صدارت اجلاس میں گندم کی ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کے خلاف ملک بھر میں کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا گیا۔ منگل کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت ملک بھر میں عوام الناس کو گندم اور آٹا کی مناسب قیمت پر فراہمی کو یقینی بنانے اور قیمتوں پر قابو رکھنے کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزراء حماد اظہر، سید ظفر امام، مشیران ڈاکٹر عبداللہ فتیح، عبدالرزاق داؤد، معاون خصوصی ڈاکٹر شہباز گل و دیگر سینئر افسران شریک۔ صوبائی چیف سیکرٹری صاحبان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں چینی کی مناسب نرخوں پر دستیابی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ چیف سیکرٹری پنجاب اور خیبرپختونخواہ کی جانب سے گندم کی صورتحال اور گندم اور آٹے کی قیمتوں پر تفصیلی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کوئٹہ ٹیچرز مین (NDMA) لیفٹیننٹ جنرل محمد افضل کوفاطمہ جناح چیسٹ ہسپتال کے دورہ کے موقع پر ایم ایس ڈاکٹر نور اللہ موسیٰ خیل اور ڈاکٹر شیرین خان بریفنگ دے رہے ہیں

9 سالہ بچی اغوا کیس عدالت میں بچی مدعیہ بانی کے سپرد

بچی کی حوالگی پر بے حد خوش ہیں اور عدلیہ اور پولیس کی اس حوالے سے شکر گزار بھی ہیں جنکی کاوشوں سے انکی بچی انکے پاس پہنچ گئی

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ کوئٹہ رجسٹری میں 9 سالہ بچی کے اغوا کیس سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی، عدالت میں بچی مدعیہ بانی کے سپرد کردی گئی۔ منگل کے روز سپریم کورٹ کوئٹہ رجسٹری میں ویڈیو لنک کے ذریعے 9 سالہ بچی کے اغوا کیس کی سماعت ہوئی سماعت

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کابینہ کی بجکاری کمیٹی میں وزیراعظم کے خصوصی مشیروں کی شمولیت کے خلاف کیس میں وفاقی حکومت کو نوٹس، جواب طلب

مشیر خزانہ عبداللہ فتیح کو کمیٹی کا ممبر اور چیئرمین ڈاکٹر عشرت حسین، مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد کو ممبر بنانا بھی غیر قانونی ہے، محسن رانجھا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے کابینہ کی نجکاری کمیٹی میں وزیراعظم کے خصوصی مشیروں کی شمولیت کے خلاف کیس میں وفاقی حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے ایک ہفتے میں جواب طلب کرلیا۔ منگل کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

ایکسائز نارکوٹکس سبی کی کارروائی، 25 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کا چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی

سبی (ن ح ن) ایکسائز نارکوٹکس سبی کی کارروائی، 25 کلوگرام اعلیٰ کوالٹی کا چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی، دوملزم گرفتار، تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نارتھ بلوچستان عطاء الرحمن بلوچ کی خصوصی ہدایات پر منشیات کے خاتمے کے سلسلے میں چلائی جانے والی قومی مہم کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

احسن اقبال نے وزیراعظم کے خلاف ریفرنس کیلئے نیب میں درخواست دائر کردی

اگر نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی معیار کی سہولت فراہم کرنا جرم ہے تو اس منصوبے کو اجازت اس سے بھی سنگین جرم ہے

جھوٹے مقدمے میں انتقامی کارروائی کا نشانہ بنا کر میری کردار کشی کی گئی، بین الاقوامی طرز کے منصوبے کو تباہ وبرباد کردیا گیا، منگل رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور رکن اسمبلی احسن اقبال نے قومی احتساب بیورو (نیب) میں وزیراعظم عمران خان کے خلاف ریفرنس کے لیے درخواست دائر کردی۔ منگل کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نارووال اسپورٹس سٹی کے بارے میں الزام عائد کیا کہ بین الاقوامی بارڈر سے 800 میٹر کے فاصلے پر منصوبہ شروع کیا گیا، یہ ڈیفنس سوسائٹی سے بھی زیادہ دور ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نیب نے جب مجھے گرفتار کیا تو

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ذیلی کمیٹی، سونامی ٹری منصوبے میں جڑی بوٹیوں کو بھی حصہ بنانے کا انکشاف

ٹین بلین ٹری منصوبے میں جنگل بائی دے اتھارٹی ریلوے کینال ایری گیشن کو بھی ساتھ لے کر چلیں، ریاض فتیانہ

اسلام آباد (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ذیلی کمیٹی کی کنوینر شاہدہ اختر نے کہا ہے کہ سونامی ٹری منصوبے میں جڑی بوٹیوں کو بھی اس کا حصہ بنایا گیا۔ منگل کو شاہدہ اختر علی کی زیر صدارت پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی ذیلی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں موسمیاتی تبدیلی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کوئٹہ کسٹمز کے محلے نے کوپلر کے قریب کارروائی کے دوران ٹرک کے خفیہ خانوں سے 1 ٹن چرس برآمد کرلی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کسٹمز کے محلے نے کوپلر کے قریب کارروائی کے دوران ٹرک کے خفیہ خانوں سے

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے ضلع چاغی میں سیکورٹی فورسز پر دہشتگردوں کی فائرنگ سے 3 اہلکار شہید جبکہ آفیسر سمیت 8 زخمی ہوگئے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چاغی میں سیکورٹی فورسز پر دہشتگردوں کی فائرنگ سے 3 اہلکار شہید

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

حب کے صنعتی ایریا میں نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک شخص زخمی

لسبیلہ (این این آئی) حب کے صنعتی ایریا میں نامعلوم افراد کی فائرنگ ایک شخص زخمی، پولیس ذرائع کے

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

ہرنائی کے علاقہ طور قرکوکہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے باعث دم گھٹنے سے دو کانکن جان بحق ہوگئے

ہرنائی (آن لائن) ہرنائی کے علاقہ طور قرکوکہ کان میں زہریلی گیس بھرنے کے باعث دم گھٹنے سے دو کانکن

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیراعظم کی عیدالاضحیٰ پر مویشی منڈیوں میں ہر صورت ایس او پیز پر عملدرآمد کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے وفاقی کابینہ کے اجلاس میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

نیب کا نواز شریف کو ان کی لندن میں رہائش گاہ پر طلبی نوٹس بھیجنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) نیب نے سابق وزیراعظم نواز شریف کو ان کی لندن میں رہائش گاہ پر طلبی

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

سپریم کورٹ میں ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری کی اپیل پر سماعت ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کی کوئٹہ رجسٹری نے قومی اسمبلی کے حلقہ این

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی ماحولیاتی تبدیلی نے گند پھیلانے والوں کے خلاف قانون متفقہ طور پر منظور کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی ماحولیاتی تبدیلی نے گند پھیلانے والوں کے خلاف

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

سیاحتی مقامات کے مقامی افراد کا کوئی اور ذریعہ معاش نہیں ہوتا، وزیراعظم کو احساس ہے، علی محمد خان

مریم اورنگزیب صاحبہ شور نہ کریں، اگر آپ شور کریں گے تو مراد سعید کو بلائیں گے اور آپ واک آؤٹ کر جائیں گے، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت علی محمد خان نے کہا ہے کہ سیاحتی مقامات کے مقامی افراد کا کوئی اور ذریعہ معاش نہیں ہوتا، وزیراعظم کو احساس ہے، سیاحتی مقامات پر کاروباری افراد کو ریلیف مہیا کیا جائے گا، سیاحتی مقامات کو ایس او پیز کے تحت کھولا

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

سلوگن

کرونا وائرس کے تدارک تک خصوصی مراکز اور متعلقہ ادارے باقاعدگی سے کام کرتے رہیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی خصوصی ہدایت پر مدد، رہنمائی اور علاج پر مامور اداروں، افسران واہلکاروں کی کارکردگی کی نگرانی ہوتی رہے گی، عوام احتیاطی تدابیر پر کاربند رہیں تاکہ صحت وسلامتی کا یہ جذبہ مستقل اور مثالی ثابت ہو۔

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے سردار نور احمد مشکوئی ملاقات کررہے ہیں

اب احتساب کے بغیر شفاف سیاسی قیادت کا سامنے آنا ناممکن ہے

شاہ محمود قریشی

وقت آگیا ہے ہم بے جا کیچڑ اچھالنا بند کردیں اور اصلی مجرموں کو کٹہرے میں لائیں، شوگر مل مالکان کیخلاف کارروائی کی اجازت ملنے پر شاہ محمود قریشی کا بیان

میری تیمارداری کرنے والا بیٹا بھی کورونا سے متاثر ہوا ہے، میرے دوبارہ ٹیسٹ لیے گئے ہیں جو انشاء اللہ درست ہوں گے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے سپریم کورٹ کی طرف سے شوگر مل مالکان کے خلاف کارروائی کرنے کی اجازت کے حوالے سے کہا ہے کہ احتساب کے بغیر شفاف سیاسی قیادت کا سامنے آنا ناممکن ہے، وقت آگیا ہے ہم بے جا کیچڑ اچھالنا بند کردیں اور اصلی مجرموں کو کٹہرے میں لائیں تاکہ وہ بے نقاب ہوں۔ منگل کو اپنے بیان وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا کہ میں اللہ تعالیٰ کا بے حد شکر گزار ہوں جس نے مجھے روبہ صحت کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں میڈیا کی وساطت سے تمام کرم فرماؤں کا شکر گزار ہوں جنہوں نے میری صحتیابی کیلئے خیر سگالی اور دعاؤں کے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

وزیراعظم ایسا سینیٹ الیکشن چاہتے ہیں جس پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکے، شبلی فراز

سرکاری اداروں کے سربراہوں کی تعیناتی ایک چیلنج ہے، تمام اداروں میں غیر قانونیت کا نظام دیکھنے میں آیا جس کی اصلاحات جاری ہیں

کئی سرکاری ادارے ہیں، جن کے لیے قابلیت کے حامل اہل لوگ نہیں ہیں، ماضی کے حکمرانوں نے حرص اور کرپشن کی بنیاد پر حکومتیں چلائیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران ایسا سینیٹ الیکشن چاہتے ہیں جس پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکے، سرکاری اداروں کے سربراہوں کی تعیناتی ایک چیلنج ہے، تمام اداروں میں غیر قانونیت کا نظام دیکھنے میں آیا جس کی اصلاحات جاری ہیں، کئی سرکاری ادارے ہیں، جن کے لیے قابلیت کے حامل اہل لوگ نہیں ہیں، ماضی کے حکمرانوں نے حرص اور کرپشن کی بنیاد پر حکومتیں چلائیں، احسن اقبال ایسی لیڈر شپ کی نمائندگی کررہے ہیں جو پارٹی کو بے یارومددگار چھوڑ کر بیرون ملک چلی گئی، اپوزیشن کا مقصد ملک کی بہتری کی بجائے اپنے قائدین کو بچانا ہے، نارووال اسپورٹس سٹی کو اپنا حساب نہیں دیتے، ہماری حکومت دراصل بھٹو کے روٹی، کپڑا اور مکان کے نعرے کو عملی جامعہ پہنا رہی ہے، ان سب کو اپنے گناہوں کا پتہ ہے، احتساب کا دباؤ محسوس کررہے ہیں، اپوزیشن کی پھیلائی گئی غیر یقینی صورتحال کے باوجود اہم ثابت قدم ہیں، بھاری قرضوں

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

آصف زرداری کے خلاف پارک لین ریفرنس کیس، سپریم کورٹ کا فیصلہ احتساب عدالت میں پیش

آئین کے آرٹیکل 4 کے مطابق آصف زرداری کے خلاف یہ کیس نہیں چلایا جاسکتا، فاروق ایچ نائیک کے دلائل

تفریحی صحت پر فاروق نائیک اخوا، مانگ رہے ہیں، خالفت کرنا اچھا نہیں لگتا، آئندہ سماعت پر یہ دلائل مکمل کریں، نیب پراسیکیوٹر

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت میں سابق صدر اور پاکستان پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کے خلاف پارک لین ریفرنس کی سماعت کے دوران فاروق ایچ نائیک نے سپریم کورٹ کا فیصلہ بھی عدالت میں پیش کر دیا۔ منگل کو احتساب عدالت اسلام آباد کے جج احتشم خان نے پارک لین ریفرنس کی سماعت کی۔ کیس کی سماعت کے دوران آصف زرداری کے وکیل فاروق ایچ نائیک نے کیس میں نیب کے دائرہ اختیار پر دلائل دیئے۔ قومی احتساب

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

سپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے چیئرمین ایف بی آر جاوید غنی کی ملاقات، ایف بی آر کی کارکردگی بہتر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال

ایف بی آر کی کارکردگی بہتر ہونے سے ملک کی اکنامی بہتر ہوگی، ایف بی آر میں اصلاحات لا کر کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکتا ہے، اسد قیصر

ٹیکس کی وصولی کے نظام کو مزید آسان بنایا جارہا ہے، ایف بی آر کے نظام کو ڈیجیٹل کیا جارہا ہے، چیئرمین ایف بی آر

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر سے چیئرمین ایف بی آر جاوید غنی نے ملاقات کی جس میں ایف بی آر کی کارکردگی بہتر بنانے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا کہ ٹیکس کولیکشن کے اہداف حاصل کرنے کے لیے اقدامات اٹھائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی کے لیے ایف بی آر کو خاص اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ چیئرمین ایف بی آر نے ہدایت کی کہ ٹیکس کے نظام کو عوام دوست بنایا جائے۔ اسد قیصر نے کہا کہ ایف بی آر کی

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

آج ایک طرف کورونا تو دوسری جانب غربت وافلاس نے ضیاء لانگو کو

کورونا وائرس عالمی وبا بن چکی جس سے پاکستان بھی شدید متاثر ہورہا ہے اس ضمن میں انتہائی مجبوری میں سخت فیصلے کرنے پڑے

وزیراعلیٰ بلوچستان اور حکومت چاہتی ہے کہ کاروباری سرگرمیوں کو جامع ومربوط حکمت عملی کے ساتھ جاری رکھا جائے' صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (ن ح ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان اور حکومت چاہتی ہے کہ کاروباری سرگرمیوں کو جامع ومربوط حکمت عملی کے ساتھ جاری رکھا جائے کورونا وائرس سے متاثر ہونے والے تمام طبقات کو ریلیف فراہم کی جائیگی۔ انجمن تاجران کی سفارشات سے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان آگاہ کرکے حتمی فیصلہ کریگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان عوامی پارٹی کی مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر منظور احمد کاکڑ، انجمن تاجران بلوچستان رحیم آغا کی قیادت میں تاجر تنظیموں کے نمائندوں سے سول سیکرٹریٹ محکمہ داخلہ کانفرنس روم میں ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حافظ عبدالباسط نے سمارٹ لاک ڈاؤن اور تاجر تنظیموں کے تحفظات دور کرنے کے حوالے سے ہونے والے اقدامات سے متعلق بریفنگ دی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ معاشی ترقی میں تاجر برادری انتہائی کلیدی

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پاکستان میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 2 لاکھ 53 ہزار 604 ہوگئی، 5 ہزار 320 افراد جاں بحق

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 2 لاکھ 53 ہزار 604 ہوگئی اور 5 ہزار 320 افراد جاں بحق ہوچکے ہیں۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 21 ہزار 20 ٹیسٹ کیے گئے ہیں، اب تک 16 لاکھ 6 ہزار 190 ٹیسٹ کیے جاچکے

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ایم 8 خضدار رتوڈیرو شاہراہ کی تکمیل سے نہ صرف آمد ورفت میں عوام کو سہولت ملی ہے' آغا شاہزیب درانی

تجارت میں بھی اضافہ ہوا، اب اسی شاہراہ کے بعد خضدار سنیکشن پر بھی تعمیراتی کام شروع ہوچکا ہے جس سے ترقی میں مزید اضافہ ہوگا، سینیٹر

خضدار (ن ح ن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما سینیٹر آغا شاہزیب درانی، بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر رہنما سردار زادہ میر عبدالقیوم سانسولی نے سکھر میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما ایم این اے سید خورشید شاہ کے فرزند ایم پی اے سکھر سید فرخ شاہ سے ملاقات ان کے والد کی خیریت دریافت اور ان کی صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اور بعد ازاں ایم پی اے سکھر سید فرخ شاہ سے ان کی رہائشگاہ پر ملاقات اور سیاسی صورتحال پر تفصیلی بات چیت کی۔ اس موقع پر بلوچستان عوامی پارٹی خضدار کے سیکرٹریٹ رہنما، بشیر احمد جنگ علم دین بھی موجود تھے۔ مسلم لیگ کے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

اسلام آباد صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی وفاقی کمشنر سبین کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

سوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک جام اور گاڑیوں کی غیر قانونی پارکنگ روز کا معمول بن چکی ہے

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک جام اور گاڑیوں کی غیر قانونی پارکنگ روز کا معمول بن چکی ہے جس کے باعث ٹریفک جام رہتی ہے تفصیلات کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں جناح روڈ مسجد روڈ، پرنس روڈ، عدالت روڈ قلعہ جاری بازار کاسی روڈ، لیاقت بازار عبدالستار روڈ پر گاڑیاں سڑکوں کی

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

محکمہ صحت کی کارروائی، دو فیلٹوں سے بڑی مقدار میں نقلی ادویات برآمد

کارروائی کے دوران سرکاری ایم ایس ڈی کی اسٹمپ شدہ ادویات کو ایماکسی کلیو کے انجکشن اور گولیاں برآمد ہوئی

ڈرگ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا اور برآمد ادویات ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری بھجوا دی گئی

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی انسپکشن کمیٹی برائے صحت کی کارروائی، ریٹ روڈ پر دو فیلٹوں سے بڑی مقدار میں نقلی ادویات برآمد کرلی گئی ڈرگ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا اور برآمد ادویات ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری بھجوا دی گئی۔ گزشتہ روز سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی کی خصوصی ہدایت پر وزیراعلیٰ بلوچستان کی انسپکشن کمیٹی برائے محکمہ صحت کے چیئرمین ڈاکٹر کریم کلیچی، سینیئر ڈرگ انسپکٹرز سرور خان کاکڑ اور دیگر معاونین محکمے کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر ریٹ روڈ پر واقع فیلٹ پر کارروائی کے دوران سرکاری ایم ایس ڈی کی اسٹمپ شدہ ادویات کو ایماکسی کلیو کے انجکشن اور گولیاں برآمد ہوئی۔ سرکاری اسٹمپ کو مٹانے کے لیے سرجیکل بلیڈ اور کیمیکل بھی برآمد کرلیا گیا فیلٹ سے بڑی تعداد میں آپریشن کے دوران نالوں میں

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

مسلم لیگ (ن) کو بلوچستان کا گڑھ بنائیں گے' جمال شاہ کاکڑ

جلدی صوبے کے تمام ضلعی صدور کا مشترکہ اجلاس طلب کرکے انکی کارکردگی کا جائزہ لیا جائیگا، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری وسابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کو بلوچستان کا گڑھ بنائیں گے جلدی صوبے کے تمام ضلعی صدور کا مشترکہ اجلاس طلب کرکے انکی کارکردگی کا جائزہ لیا جائیگا، کارکن پارٹی کو خطال کرنے کے لئے سرگرمیاں جاری رکھیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان مسلم لیگ (ن) کا گڑھ رہا ہے صوبے کی عوام نے مسلم لیگ (ن) کو ماضی میں بھی

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو سے سردار محمد آصف مینگل ملاقات کررہے ہیں

جعلی ڈومیسائل کے معاملے پر سنجیدگی سے اقدامات کیے جارہے ہیں، سرفراز بگٹی

اٹھارویں ترمیم کوئی صحیفہ نہیں جس پر بات نہیں کی جاسکتی اگر 18 ویں ترمیم پر پارلیمنٹ میں بات نہیں ہوگی تو کہاں ہوگی

بلوچستان میں جب تک "را" فنڈ ڈلکروں کا خاتمہ نہیں ہوگا تب تک امن وامان اور مسنگ پرسنز کا مسئلہ نہیں ہوسکتا، سینیٹر کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما سینیٹر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ 18 ویں ترمیم کوئی صحیفہ نہیں جس پر بات نہیں کی جاسکتی اگر 18 ویں ترمیم پر پارلیمنٹ میں بات نہیں ہوگی تو کہاں ہوگی، بلوچستان میں جب تک "را" فنڈ ڈلکروں کا خاتمہ نہیں ہوگا تب تک امن وامان اور مسنگ پرسنز کا مسئلہ نہیں ہوسکتا، ہر احتج اور جمہوری سرگرمی کے ترجمان قومی اسمبلی اور سینٹ میں اگلی بات کرتے نظر آتے ہیں انہیں فوجی کا خون خون نہیں لگتا، بچی کی حوالگی کیس میں دونوں خاندانوں نے آپس میں افہام وتفہیم سے معاملہ طے کرلیا ہے اس کیس میں میری کردار کشی کی گئی جس پر اسلام آباد کے میڈیا سے گلہ ہے۔ یہ بات انہوں نے منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ جس انداز میں دو خاندانوں کے

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اس سلسلے میں ہر ممکن معاونت اور سہولیات فراہم کرے گا، فرمان زرکون

اس شعبہ کیلئے کاروبار میں آسانی سے متعلق سیل بلوچستان انفارمیشن ٹیکنالوجی ایکسٹینشن، آن لائن بزنس رجسٹریشن پورٹل سمیت کئی انقلابی اقدامات اٹھائے گئے ہیں، ریاض

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی جانب سے اعلان کردہ تعمیراتی پیکیج میں بلوچستان کے عوام 30 دسمبر تک انفرادی یا کمپنی کی صورت میں شرکت دار شامل ہوسکتے ہیں بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ اس سلسلے میں ہر ممکن معاونت اور سہولیات فراہم کرے گا، اس مقصد کیلئے کاروبار میں آسانی سے متعلق سیل، بلوچستان انفارمیشن ٹیکنالوجی ایکسٹینشن، آن لائن بزنس رجسٹریشن پورٹل سمیت کئی انقلابی اقدامات اٹھائے گئے ہیں ان خیالات کا

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

سرکاری ادارے کی تعمیر کا معاملہ، وفاقی ترقیاتی ادارے نے کلب کی تعمیر کو غیر قانونی قرار دے دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں راول ڈیم کے کنارے سرکاری ادارے کی تعمیر کا معاملہ، وفاقی ترقیاتی ادارے نے کلب کی تعمیر کو غیر قانونی قرار دے دیا۔ سی ڈی اے نے کلب کی تعمیر کو غیر قانونی قرار دینے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق راول ڈیم

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رہیگا' عبدالعزیز سرپراہ

ٹریفک قوانین اور کورونا وائرس ایس او پیز پر عملدرآمد کرانے کیلئے قومی شاہراہ پر کارروائی، درجنوں گاڑیوں کو چالان کرکے ان پر جرمانے عائد کیا گیا' بیان

نصیر آباد (ن ح ن) پائی وے پولیس نصیر آباد کی جانب سے ٹریفک قوانین اور کورونا وائرس ایس او پیز پر عملدرآمد کرانے کیلئے قومی شاہراہ پر کارروائی، درجنوں گاڑیوں کو چالان کرکے ان پر جرمانے عائد کیا گیا ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری رہیگا تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقے منگولی کے قریب قومی شاہراہ پر ایس پی پائی وے پولیس نصیر آباد رانچ عبدالعزیز سرپراہ کی سربراہی میں انسپکٹر سید مختیار شاہ، انسپکٹر یاسین

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

تحفظ ادارہ ماحولیات نے کوئٹہ میں پلاسٹک بیگ بنانے والی ایک فیکٹری کو سیل کردیا

کوئٹہ (این این آئی) تحفظ ادارہ ماحولیات نے کوئٹہ میں پلاسٹک بیگ بنانے والی ایک فیکٹری کو سیل کردیا، تفصیلات کے مطابق منگل کو ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحفظ ماحولیات محمد جہانگیر کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

15 جولائی 2020ء

گندم کی ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

گندم کی ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کے خلاف ملک بھر میں کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرلیا گیا۔ ملک بھر میں عوام الناس کو گندم اور آٹا کی مناسب قیمت پر فراہمی کو یقینی بنانے اور قیمتوں پر قابو رکھنے کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں چینی کی مناسب نرخوں پر دستیابی کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا گیا۔ گندم کی صورتحال اور گندم اور آٹے کی قیمتوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ صوبہ پنجاب کے تمام شہروں میں بیس کلو آٹے کا تھیلا 860 روپے پر فراہم کیا جارہا ہے۔ گندم کی وافر دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے حکومت پنجاب کی جانب سے اٹھارہ ہزار ٹن گندم روزانہ کی بنیاد پر ریلیز کی جارہی ہے، صوبہ خیبر پختونخواہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے تقریباً بیس فیصد آٹا خیبر پختونخواہ کو بھجوایا جارہا ہے۔ صوبے میں چینی کی دستیابی اور قیمتوں کے بارے میں بھی تفصیلی بریفنگ دی۔ گندم کی اسمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ وزیرِ اعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ ملک بھر میں گندم کی ذخیرہ اندوزی میں ملوث افراد کے خلاف فوری کریک ڈاؤن کیا جائے۔ کہ گندم کی اسمگلنگ کی روک تھام کو مکمل طور پر یقینی بنایا جائے۔ ملک بھر میں گندم اور آٹے کی وافر دستیابی کو یقینی بنانے اور قیمتوں کو یکساں سطح پر لانے کے لئے جہاں بین الصوبائی کورآرڈینیشن کو مزید بہتر کیا جائے وہاں جامع اور منظم انتظامی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ گذشتہ سال کے تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبہ سندھ میں گندم کی ریلیز کی پالیسی کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے۔ مستقبل میں گندم اور آٹے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے گندم کی درآمد کے فیصلے پر عمل درآمد کے حوالے سے منصوبہ بندی کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے۔ وزیرِ اعظم نے وٹ کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی جاری رکھی جائے اور اس ضمن میں کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے۔

اپنے حصے کا چراغ

ایم سرور صدیقی

ہم اکثر ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں، کبھی حالات کا رونا روتے رہتے ہیں کوئی اللہ تعالیٰ سے شکوہ کرتا ہے کوئی بھگوان سے لیکن ہر شخص سوچوں میں گم ضرور ہے ایک سوال دل و دماغ پر حاوی ہے کہ ہماری دعائیں قبول کیوں نہیں ہوتیں؟ درویش نے بڑی متانت سے حاضرین کے دلوں میں موجزن ایک وسوسے کا تجزیہ کرتے ہوئے کہا اس سوال کا جواب ہمارے پاس موجود ہے لیکن شاید ہم نے صرف نظر کیا ہوا ہے یا پھر ہم منافقت کا شکار ہیں غور و فکر کریں تو یقیناً دل و دماغ روشن ہو جائے اور ہمیں اپنے سوالوں کا جواب بھی مل سکتا ہے اسی لئے تو علامہ اقبالؒ نے کہا تھا

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغ زندگی

لیکن بیشتر اپنے من میں ڈوبے بغیر زندگی کے تلخ حقائق جاننا چاہتے ہیں یہ سراسر خود فریبی ہے، اپنے آپ سے منافقت، دھوکہ ہی دھوکہ انسان اگر سوچے تو سوچتا رہ جائے۔ درویش نے اپنے چاروں اطراف نظر دوڑائی مسکراتے ہوئے کہا ہم جس ملک رہتے ہیں اس میں کئی مذاہب کے لوگ رہتے ہیں جہاں ہر سال لاکھوں، کروڑوں افراد تبلیغی اجتماعات میں جاتے ہوں، الحمدللہ ہر سال لاکھوں افراد حج کی سعادت حاصل کرتے ہیں، عید میلاد النبی ﷺ کروڑوں لوگوں کا جوش و خروش دیدنی ہوتا ہے نعت خوانی کی روح پرور ہزاروں محافل میں شہر شہر لاکھوں، کروڑوں مسلمان شرکت کرتے ہوں، دروس قرآن کی روزانہ لاکھوں، ہر شہری اپنے مذہب کے مطابق عبادات بھی کرتا ہوگا آپ کے سامنے روحانی شخصیات کا کردار بھی موجود ہے آپ میں سے اکثر ان کی مثالیں بھی دیتے ہیں ہمارے چاروں اطراف سینکڑوں ہزاروں مسجدیں، مندر، گوردوارے، اولیاء کرام کے مزارات موجود ہیں لیکن ایک کڑوا سچ کوئی قبول کرنے کو تیار نہیں ہر شخص خود اچھا بننے کی بجائے دوسروں کو درست کرنے کا ٹھیکہ لے رکھا ہے۔ درویش نے کہا ذرا اپنے اپنے دل پر ہاتھ رکھ کر خود سے سوال کریں

کیا ہم میں اکثر رشوت کا لین دین نہیں کرتے حالانکہ آپکو معلوم ہے کہ یہ بری چیز ہے صرف مسلمانوں میں ہی رشوت حرام نہیں بلکہ دنیا کے ہر مذہب میں اس کو برا خیال کیا جاتا ہے ہم سب سمجھتے ہیں رشوت حرام ہے لیکن نہ چاہتے ہوئے بھی مروج ہوگئی ہے اب سوچتے ہیں اس سے چھٹکارا کیونکر کیسے ممکن ہے؟ رشوت کو دل ہی دل میں ہر شخص برا سمجھتا ہے لیکن رشوت کے پیسوں خریدے جانے والے قربانی کے بکرے کے متعلق کیا فتویٰ ہے؟ درویش نے کہا یا پھر حرام کی کمائی سے خریدی جانے والی حلال اشیاء کے بارے میں آپ کیا کہیں گے؟ ہمارے اردگرد نہ جانے کردار اچائے کی پتی میں رنگ ملا کر بھینس یا بیل کی کلیجی ذرائی کر کے کمس کرنے اعلیٰ درجے کی چائے کی پتی بنانے کر مال کمانے والے موجود ہیں چلیں یہ بتائیں درویش نے آہ بھر کر پوچھا بجلی کے 500 یونٹ کو 1500 یونٹ لکھنے والا میٹر ریڈر..... خالص گوشت کے پیسے وصول کر کے ہڈیاں، چھیچھڑے بھی ساتھ تول دینے والا قصائی... یا پھر خالص دودھ کا نعرہ لگا کر پانی اور پاؤڈر کی ملاوٹ کرنے والا گوالا۔۔۔ گاڑی کے اوریجنل سپیئر پارٹس نکال کر دو نمبر لگانے والا مستری..... اللہ کے مقدس ناموں سے تعویذ بنا کر اسکو بیچنے والا عامل۔۔۔ گھر بیٹھے حاضری لگوا کر حکومت سے تنخواہ لینے والا مستقبل کی نسل کا معمار استاد۔۔ کم ناپ تول کر کے دوسروں کا حق کم کر کے پورا پیسہ لینے والا دکاندار۔۔۔ معمولی بیماری کے باوجود کمیشن کی لالچ میں مریض ہزاروں کی دوا لکھنے والا ڈاکٹر۔۔۔ ہارٹل ڈیلیوری کو پیسوں کی خاطر اپریشن کے نام پر چیر پھاڑ کرنی والی لیڈی ڈاکٹر یا پھر معمولی سی رقم کے لیے سچ کو جھوٹ اور جھوٹ کو سچ ثابت کرنے والا وکیل..... ہم کس کس کا رونا روئیں گے؟ کس سے داد فریاد کریں سوچو۔۔۔ گھریلو سودا سلف لانے والا ملازم یا پھر پیسے انٹی کرنے والا گھر کا کوئی فرد۔ قومی خزانہ لوٹ لوٹ کر دولت کے پہاڑ اکٹھے کرنے والے حکمران۔ اپنے آفیسر کے لئے رشوت کے پیسے پکڑنے والا معمولی سا چپڑاسی... یا کھیل کے بین الاقوامی مقابلوں میچ فکسنگ کر کے ملک کا نام بدنام کرنے والا کھلاڑی۔۔۔ دشمن ملک میں شہرت اور دولت کی خاطر ملک کی عزت خاک میں ملانے والا اداکار اور گلوکار۔۔۔ یا کروڑوں کے بجٹ میں غبن کر کے دس لاکھ کی سڑک بنانے والے ارکان اسمبلی یا لاکھوں غبن کر کے واٹر فلٹریشن پلانٹ لگانے والی کمپنی.. لاکھوں رشوت لے کر ترقیاتی کام کرانے والا ضمیر فروش بلدیاتی نمائندہ یا پھر فاحشہ کی کمائی میں رزق حلال تلاش کرنے والا منحوس دلال... زمینوں کے حساب کتاب و پیمائش میں کمی بیشی کر کے اولاد کو کروڑ پتی بنانے والا حرام خور پٹواری، جاہل مولوی یا اپنے قلم کو بیچ کر پیسہ کمانے والا ضمیر فروش صحافی..... کسی دوسرے کا چوری کا پانی لگانے والا زمیندار ہو یا پھر ملی بھگت کمپنی کی دوا کے پیسے لے کر لوکل کمپنی کی دوا دینے والے قارمسسٹ کس کس کی بات کریں یہاں تو آوے کا آوا ہی بگڑا ہوا ہے کوئی اصلاح احوال کی صورت نظر نہیں آتی ہر شخص دوسروں کو برا کہتا ہے لیکن یہ کتنی خوفناک بات ہے کہ وہ خود اچھا بننے کی کوشش نہیں کرتا یہی خود فریبی اور منافقت ہے جس کے سبب دعائیں قبول نہیں ہوتیں یاد رکھو! درویش نے اپنے اردگرد بیٹھے لوگوں پر نظر دوڑائی پھر بڑی متانت سے کہا تنقید انتہائی آسان ہے ایک تاثر عام ہے رشوت صرف پولیسلیتی ہے، ڈاکٹروں کے دل میں رحم نہیں، عدالتوں میں انصاف نہیں، ناجائز منافع خوروں نے لوٹ مار مچا رکھی ہے۔۔ درویش نے کہا سب کا کہا بجا، آپ جو کہیں سر تسلیم خم ہے، کسی کو چھوٹا کہنا بھی مناسب بات نہیں لیکن کبھی ہم نے اپنے ضمیر میں جھانک کر بھی دیکھا ہے، کبھی سوچا ہے کہ ہم خود کہاں کھڑے ہیں۔۔؟؟ ہمارے قول و فعل میں تضاد کتنا ہے؟ دل چاہتا ہے ہم سب ایک دوسرے کو برا کہنا، برا سمجھنا ترک کریں آج سب کے لئے مشورہ ہے کہ ہر شخص خود کا احتساب کرے اچھا بننے کی ابتدا اپنے آپ سے کریں کسی کو وعظ و تلقین کی بجائے اپنے عمل و کردار کا ایسا مظاہرہ کیا جائے کہ دوسرے متاثر ہوں یہ تبدیلی کا نقطہ آغاز ہوگا اس پر یہ درویش بھی عمل کرنے کا وعدہ کرتا ہے بس اگر ہم سب یہ چھوٹا سا پیغام عام کر دیں تو معاشرہ میں اس کے حیرت انگیز اثرات مرتب ہوں گے تاریکی دور کرنے کے لئے چراغ جلانا ہی پڑتا ہے آپ اپنے حصے کا چراغ جلا کر نتائج قادر مطلق پر چھوڑ دیں تاریکیاں چھٹ جائیں گی کیونکہ روشنی کی ایک کرن ہی تاریکی کا سینہ چیر کر رکھ دیتی ہے۔

ایک اور کہانی

زیڈ۔ بی۔ پسروری

ہائے بُرا وقت، ہائے زوال، اقتدار کے عروج پر لُچوں میں غرور، گردن میں تن تنی اور نظروں میں حقارت اور اب خلقت خدا سے کئے گئے وعدوں سے انحراف میں بہانے، کمزور دلیلیں اور اپنی ناکامی کو دوسروں کے سر تھوپنے کی کوششیں، سب سے دردناک لمحہ وہ ہوتا ہے جب شجر سے خود پتے جھڑنے لگتے ہیں اور سوکھے پتوں کی کھڑکھڑاہٹ فضا میں خزاں کے اداس نوحے سناری ہوتی ہے۔ اپنے پرائے ہونے لگے اور حلیف حریفوں جیسے تیور دکھانے لگے۔ قصیدے ملامتوں میں بدلنے لگے مخلی کا یہ شعر حکمرانوں کے لئے ہی نہیں ہر انسان کیلئے زندگی کا سبق ہے۔

زو بہ شوی ہر کہ رام، زو دگر دانم زم
بخت چون گردد زبوں، ہر تن قباد دشمن شود

کپتان کی نیم ..... نیم تھی کب، اسے مانگے تانگے کی نیم کا کپتان بنا کر میدان میں اتار گیا اور باقی رہی سہی کسر اس نے خود نکال دی، کبڈی کے کھلاڑی کو کرکٹ کے میدان میں اتار کر ایک باؤنسنگ دے کر وسیم اکرم پلس کا لیبل لگا دیا، کپتان منصور اختروں کو جاوید میانداد کی جگہ لے آیا اور اب حال یہ ہے کہ پارٹی کے اندر لاوا پک رہا ہے کہ ہمارے ساتھ ہاتھ ہو گیا ہم حکومت چلانے میں میں بری طرح ہار رہے ہیں۔ کپتان نے اقتدار کے شوق میں ناکام نیم کی قیادت سنبھال کر خود کو ناکام بنا لیا۔ کپتان نہیں ہار رہا اس کے ساتھ ایک نسل ہار رہی ہے۔ عباسی دور کے شاعر کی وہ خوبصورت رباعی یاد آگئی

"وہ سلطان کی طرح چل رہا تھا اور صد ہزار دل اس کے ساتھ اس طرح چل رہے تھے جیسے سلطان کے عقب میں سپاہ چل رہی ہو"

لیڈر اکیلا نہیں ہوتا نہ ہی اس اکیلے کی ناکامی ہوتی ہے، قوم کا ایک بڑا حصہ اس کے ساتھ چل رہا ہوتا ہے، ایک قافلہ آگے بڑھ رہا ہوتا ہے اور کارواں رواں دواں ہوتا ہے، جس کی آنکھوں میں منزل کے خواب اور دلوں میں جواں جذبے موجزن ہوتے ہیں۔ بڑھے چلو، چلے چلو، لازم ہے کہ ہم بھی دیکھیں ..... کوئی روک سکے تو روک لو ..... افسوس قافلہ چند قدم بعد ہی تھکا ہارا دکھائی دینے لگا اور اس کے قدم خود رکنے لگے ہیں۔ مانگے تانگے کے کھلاڑی پہلے باف میں ہی پھولی سانسوں کے ساتھ گر رہے ہیں اور کچھ میدان سے فرار ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ کاش خان صاحب نے انہوں پر بھروسہ کیا ہوتا۔ فوزیہ قصوری، حامد خان اور جسٹس وجیہہ جیسے لوگوں کی قدر کی ہوتی تو آج فصلی بٹیرے انہیں یوں مذاق کا نشانہ نہ بنا رہے ہوتے۔ جب اپنوں پر غیروں کو ترجیح دی جائے تو پھر ایک وقت ایسا آتا ہے کہ انسان پر چاروں طرف سے سنگ باری ہو رہی ہوتی ہے اور کوئی دفاع کے لئے آگے نہیں آتا۔ عیسائی قوتوں نے الفانسو کی سربراہی میں اشبیلیہ اور قرطبہ کے فرمانروا ابو القاسم عباد المعتمد علی اللہ کو چاروں طرف سے گھیر لیا، معتمد نے مراکش کے طاقتور قبائلی سردار یوسف بن تاشفین سے مدد چاہی تو اس کے مشیروں نے اسے باز رکھنے کی کوشش کی، جس پر معتمد نے تاریخی الفاظ کہے "چار گھوڑے ہیں ان کے پاس جو وہ بھگا رہے ہیں، ادھر بھی اور ادھر بھی" ترک ڈرامے "ارطغرل غازی" پر پاکستانی ہدایت کار سید نور کا موقف بھی آگیا کاش ایک بار خان صاحب بھی جن لوگوں کو چپڑاسی نہ رکھنے، کرپٹ، قاتل اور دہشت گرد کہتے رہے تھے ان کا چرواہا بننے سے معذرت کر لیتے تو آج یہ دن نہ دیکھنا پڑتا۔ انہوں کا لیڈر بننا فصلی بٹیروں کا لیڈر بننے سے بہتر تھا۔ اقتدار سمجھوتوں کی کرسی پر بیٹھ کر نہیں چل سکتا۔ لیڈر سمجھوتوں پر نہیں جیتے وہ اپنے اصولوں پر کسی طور بھی سمجھوتوں کو حاوی نہیں ہونے دیتے، تاریخ ساز لوگ آزاد ہوتے ہیں ان کا ویژن سمجھوتوں کا کفن پہن کر مجبوریوں کے قبرستان میں دفن نہیں ہوتا۔ اقتدار کی کرسی اور لیڈر کے ویژن کے درمیان اگر ہر قیمت پر کرسی کی شدت غالب آجائے تو پھر وقت بہت بھاری قیمت وصول کرتا ہے، جو اکثر ناکامی کی صورت میں سامنے آتی ہے۔ اب وقت حالات اور آفات کا رونا کام نہیں آئے گا، ناکام لوگوں کی نیم سے ناکامی ہی ملی تھی، وقت، حالات اور آفات کا رونا بے سود ہے۔ عرب شاعر ابونواس نے کیسا کمال شعر کہا جس کا ترجمہ ہے ..... "جو شخص مٹے ہوئے نشانات پر کھڑا رو رہا ہو اسے کہو وہ بیٹھ بھی جائے تو کوئی فرق نہیں پڑے گا"۔

(جاری ہے)

اردو ایک عالمگیر زبان

عروبہ عدنان

اردو ایک عالمگیر زبان ہے اور اس کی تاریخ صدیوں پہ محیط ہے جس میں یہ مختلف ادوار اور نشیب و فراز سے گزرتی ہوئی آج اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ ہمارے سامنے موجود ہے، ہم زیادہ پیچھے نہیں جاتے 711ء سے ابتداء کرتے ہیں جب محمد بن قاسم برصغیر میں داخل ہوا تو اس کی فوج میں زیادہ تعداد عربیوں کی تھی اور جب اس کی فتوحات کا سلسلہ برصغیر میں شروع ہوا تو اس کے ساتھ آئے ہوئے عربیوں نے برصغیر کے باشندوں سے میل ملاپ اور راہ و رسم قائم کئے اس دور میں برصغیر میں بہت سی قومیں آباد تھیں جن میں ہندو، ترکی افغانی اور ایرانی شامل تھے۔ اس میل ملاپ کے نتیجے میں ہی اردو زبان نے جنم لیا۔ پھر اردو نے مزید دور دیکھے اور ایک ایسا دور بھی دیکھا جب وہ باقاعدہ اپنی حیثیت بنانے میں کامیاب ہو گئی۔ یہ دور 1193ء کا دور تھا جب مسلمان پورے پونے دو سو برس لاہور میں رہنے کے بعد افغانیوں اور ترکیوں کی قیادت میں دہلی میں داخل ہوئے تب اردو کو پہچان ملی۔ اب ہم مزید آگے جاتے ہیں اور پھر ایک ایسے دور کا ذکر کرتے ہیں جب اردو کو درباری حیثیت حاصل ہوئی یہ سترہویں صدی کا ذکر ہے جب مغل بادشاہوں کی پسندیدہ زبان اردو بن چکی تھی ۔۔۔ اردو میں خط و کتابت ہونے لگی، شعر و شاعری ہونے لگی اس وقت اردو کو اردوئے معلی کہا جاتا تھا جو پھر آگے چل کے لفظ اردو بن گئی۔ اس کے بعد اردو کی ترقی کا دور شروع ہوا ۔۔ صوفیائے کرام نے اس کی شہرت دیکھ کر اسے اسلام کی تبلیغ کا ذریعہ بنایا، بادشاہوں نے اسے اپنے دربار کی زبان بنایا نیز یہ کہ دہلی میں یہ شعراء، دانشوروں کی پسندیدہ زبان بن گئی۔ یہاں سے اردو مزید مراحل طے کرتے ہوئے ایسے دور میں داخل ہوئی جس میں سوچی سمجھی سازش کے تحت اس کی حیثیت کو پامال کرنے کی کوشش شروع کر دی گئیں یہ وہ دور تھا جب برصغیر انگریزوں کی غلامی میں آگیا تھا۔ انگریزوں نے اردو کو ختم کرنے کی ناکام کوششیں شروع کیں اور انگریزی کو فروغ دیا اور اسے سرکاری زبان کا درجہ دے کر اردو کو ختم کرنے کی اپنی سی بھرپور کوشش کی۔ اس کے بعد اردو نے ایک اور دور دیکھا جب مسلمانان ہند اپنے لیے ایک الگ ملک کی کوششیں کر رہے تھے اس وقت مسلم لیگ کے جھنڈے تلے جتنے بھی مسلم رہنما تھے انہوں نے اردو کو ہی اپنی جدوجہد کا ذریعہ بنایا یہاں تک کہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہوئے اور اسلامی جمہوریہ پاکستان وجود میں آیا۔ اردو ہر جگہ اس دور میں بھی موجود تھی۔ اردو کی اہمیت اور حیثیت کو دیکھتے ہوئے پاکستان کے قومی رہنما قائد اعظم محمد علی جناح نے اعلان کیا کہ "اردو ہماری قومی زبان ہے ہمیں اس کو ہر قسم کے نقصان سے محفوظ، آلودگیوں سے پاک اور مخالفین کے جارحانہ اور معاندانہ عزائم سے بچائے رکھنے کے لیے اپنی پوری توانائی اور زور لگا دینا چاہیے" اسی طرح ایک اور موقع پر انہوں نے فرمایا "میں واضح الفاظ میں یہ بتا دینا چاہتا ہوں کہ پاکستان کی سرکاری زبان اردو اور صرف اردو ہوگی، جو شخص آپ کو اس سلسلے میں غلط راستے میں ڈالنے کی کوشش کرے وہ پاکستان کا پکا دشمن ہے ایک مشترک زبان کے بغیر قوم نہ تو پوری طرح متحد ہو سکتی ہے اور نہ کوئی کام کر سکتی ہے (خطاب ڈھاکہ 21 مارچ 1948)

پاکستان کو بنے 72 سال کا عرصہ ہو چلا مگر اب تک ہم اردو زبان کو وہ حیثیت نہ دے سکے جس کا حکم ہمارے قائد اعظم محمد علی جناح نے دیا تھا۔ اس کے باوجود کہ 1973 کے آئین کی شق 251 میں یہ یہ بات وضاحت سے بیان کر دی گئی ہے کہ پاکستان کی قومی زبان اردو ہوگی۔

بڑے افسوس کی بات ہے کہ 1973 کے آئین کو نافذ ہوئے 46 سال کا عرصہ بیت گیا مگر ہم ابھی تک اردو کو سرکاری زبان کا درجہ نہ دے سکے۔ اس سلسلے میں بہت سی تحریکوں نے سر اٹھایا مگر باقاعدہ طور پر 2009 میں نفاذ اردو کے لئے جدوجہد کا آغاز "پاکستان قومی زبان تحریک" کی سرپرستی میں ہوا اور اس میں مزید تیزی 2014 میں اس وقت آئی جب بہت سی محب وطن سیاسی جماعتوں نے اس کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ اس تحریک کا مقصد پاکستان میں ہر ہر شعبہ زندگی میں نفاذ اردو کو یقینی بنانا ہے۔ یہ تحریک وقت کے ساتھ ساتھ زور پکڑتی جا رہی ہے جسکا واضح ثبوت 8 ستمبر 2015 کو عدالت عظمیٰ (سپریم کورٹ) کا حکم نامہ جاری کرنا ہے، جس میں عدالت عظمیٰ نے حکومت کو اس بات کا پابند کیا ہے کہ وہ اردو کو پاکستان کی سرکاری زبان کی حیثیت سے نافذ کرے۔ انتہائی افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ حکومت نے اس اہم حکم نامے کو بالکل سنجیدگی سے نہیں لیا اور اس حکم نامے پہ عملدرآمد کروانے میں ناکام رہی۔ پاکستان میں 98٪ ایسے افراد ہیں جو اردو کو سمجھتے ہیں ان کی ایک دوسرے سے رابطے کی زبان فقط اردو ہی ہے۔ اس کی حیثیت سے انکار دراصل اپنی حیثیت سے انکار کے مترادف ہے۔ دنیا کی ہر باعزت قوم کی اپنی زبان اور اپنا تشخص ہوتا ہے۔ جس پہ انہیں بجا طور پر فخر بھی ہوتا ہے اور اسے ہی وہ اپنا تشخص سمجھتے ہیں۔ 1949 میں چین آزاد ہوا۔ اس نے انگریزی زبان کو فوری طور پر رد کر کے اپنی زبان کو اپنایا اور ترقی کی راہ پہ گامزن ہو گئے۔

اسی طرح انگلینڈ کی سرکاری زبان جب تک جرمنی اور فرانسیسی رہی وہ ایک حقیر قوم رہی۔ جب انھوں نے اپنی زبان کو اپنایا تو وہ بھی ترقی کی دوڑ میں نمایاں حیثیت حاصل کر گیا، چلیں اور ممالک کو چھوڑیں اور ارض مقدس سعودی عرب کو ہی لے لیں انہوں نے یونانی زبان سے بہت کچھ لیا مگر اپنایا اپنی ہی زبان کو ہی۔ عام بول چال سے لے کر لین دین کے تمام اصول و ضوابط، تجارت سے لے کر تعلیم تک سب کے لیے انہوں نے اپنی ہی زبان یعنی عربی ہوا اپنایا۔ یہ تو چند مثالیں ہیں تاریخ گواہ ہے کہ جس قوم نے اپنی زبان کو اپنایا وہی قوم زندہ قوم قرار پائی۔ قرآن پاک میں سورہ ابراہیم کی آیت نمبر 4 میں ہے کہ "اپنی قوم کو اسی کی زبان میں تعلیم دی جائے" ایسا کیوں کہا گیا... ایسا اس لیے کہا گیا کیونکہ قوم وہی زبان سمجھ سکتی جو اس کی قومی زبان ہوتی ہے۔ بڑے افسوس کی بات ہے کہ ہم اپنے 98٪ ذہین فطین دماغ صرف اس لیے استعمال ہی نہیں کر پا رہے کہ وہ انگریزی زبان نہیں جانتے کیا یہ ایک ناقابل تلافی نقصان نہیں۔۔۔!!!! کیا آئین اسٹائین نے کسی اور کی زبان میں پڑھا اور کسی اور کی زبان میں اپنے نظریات پیش کئے۔ اسی طرح آپ نیوٹن کو لے لیں یا کسی اور مفکر یا سائنسدان کو لے لیں۔ سب نے اپنی زبان میں تعلیم حاصل کی اور اپنے نظریات بھی فقط اپنی زبان میں پیش کئے۔ ہمیں اب ہوش میں آ جانا چاہیے اور اس غلامانہ سوچ سے باہر نکل کر اپنے مستقبل کے معماروں کو اردو زبان کی اہمیت کا احساس دلانا چاہیے تاکہ وہ اسی زبان کو اپنائیں اور ترقی کی دوڑ میں حصہ لے سکیں۔ حکومت وقت کو نفاذ اردو کے لیے ہنگامی بنیادوں پر احکامات جاری کرنے چاہیں اور اسے مکمل طور پر پورے پاکستان پہ لاگو کرنا چاہیے۔ اگر اب بھی ایسا نہ کیا گیا تو بہت دیر ہو جائے گی اور ہم ترقی کی راہ پہ کہیں دور رہ جائیں گے۔ اردو ہمارا قومی تشخص ہے اور یہی ہماری ترقی کی واحد کنجی ہے۔ اب ہمیں اسے اپنانا ہوگا تاکہ ہم بھی قوتی کی راہوں پہ گامزن ہو سکیں اور زندہ اور باوقار قوم کہلائیں۔

محکمہ پولیس اندرونی سیاست کا شکار

یونس ہاشمی

آج وہی لوگ ان کے دور کو اچھا گردانتے ہیں کہ ان کے ادوار میں کسی کو قانون کو ہاتھ میں لینے کی جرات نہ ہو سکی ان کے ادوار میں قانون ہاتھ میں لینے پر سابق وزیر اعلیٰ شہباز شریف پر دہشت گردی کے مقدمات بھی درج کیے گئے نواز شریف کی ریلی پر بھی کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی جرات نہ ہوئی۔ آئی جی پولیس خود کو اس عہدے کا اہل سمجھیں اپنی تعیناتی میں ایسا کام کر کے دکھائیں کہ لوگ اور یہ فورس آپ کو ہمیشہ اچھے الفاظ میں یاد رکھیں ورنہ تاریخ کسی کو معاف نہیں کرتی ویسے اس حکومت میں کسی کو ساتھ ماہ سے زائد کام کرنے کا شرف حاصل نہیں ہے جتنے دن جس کا جہاں رزق اور سفر لکھا ہے اسے کوئی ختم نہیں کر سکتا۔ ذوالفقار حمید کو لاہور میں کام کرنے کا اور اشفاق احمد خان اور ایس ایس پی فیصل شہزاد کو آپریشنل میں کام کرنے کا خاصا تجربہ حاصل ہے، یہ سب دیانت دار اور محنتی پولیس آفیسرز ہیں ہمیں ان کے تجربات سے فائدہ اٹھانا چاہیے وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پولیس پر لازم ہے کہ وہ اپنی فورس، ادارے کی ویلفیئر کے ساتھ لوگوں کی مشکلات کا خاص خیال رکھیں رب کریم کی ذات آپ کا خیال رکھے گی وزیر اعلیٰ پنجاب کو اس بات کا بھی نوٹس لینا چاہیے کہ جو آفیسرز سابق حکمرانوں کے دور میں زیر عتاب رہے ہیں اب ان کے ساتھ ناانصافی کیوں ہو رہی ہے پنجاب میں حکومت نے محدود مدت میں چار آئی جی تبدیل کیے، کلیم امام نگران حکومت میں آئی جی تعینات ہوئے، ان کے ایک ماہ بعد محمد طاہر، پھر انہیں ہٹا کر امجد جاوید سلیمی اور ان کے کچھ ہی عرصہ بعد عارف نواز کو آئی جی تعینات کیا گیا، انہیں بھی چند ماہ بعد ہی ہٹا کر شعیب دستگیر کو تعینات کر دیا گیا لیکن اب بھی آئے روز آئی جی کے تبادلوں کی افواہیں سنائی دیتی ہیں پرنسپل سیکرٹری نوذ وزیر اعلیٰ بار بار تبدیل ہوئے ہیں۔ پنجاب میں اس وقت غیر یقینی کی صورتحال ہے اور کسی افسر کو کوئی پتہ نہیں کہ کب اور کیسے وہ بیوروکریسی کی اندرونی سیاست کا شکار ہو جائے۔ حکمران جماعت نے ایڈیشنل آئی جی پولیس انعام غنی کو جنوبی پنجاب میں بطور پولیس سربراہ بنانے کا اچھا فیصلہ کیا ہے وہ ایک تجربہ کار آفیسرز ہیں ان کی تعیناتی عوام اور حکمران جماعت کے لیے خوش آئند ثابت ہوگی۔ اسی طرح آئی جی پولیس کی ہدایت پر آر پی او گوجرانوالہ ریاض نزیر گاڑھا اور نئے سی پی او گوجرانوالہ رائے بابر سعید کی تعیناتی بھی حکومت اور وہاں کی عوام کے لیے بہتری لائے گی سب سے اہم بات کہ آئے روز سوشل میڈیا پر آر پی او گوجرانوالہ ریاض نزیر گاڑھا کی تبدیل ہونے کی خبریں گردش کرتی رہتی ہیں فی الحال وہ کہیں نہیں جا رہے وہ ایک دیانت دار اور انتہائی محنتی ہونے کے ساتھ محب الوطن اور پیشہ وارانہ مہارت کے حامل آفیسرز ہیں آئی جی پولیس پنجاب اور وزیر اعلیٰ پنجاب نے مل کر ان کی تعیناتی کی ہے ان کو تبدیل کیے جانے کی خبریں بالکل جھوٹی اور بے بنیاد ہیں۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

بلوچستان کا ملازم طبقہ اور خدشات

خبر سے خبر تک
شیخ فرید
fareedqta1963@gmail.com

بلوچستان کے سرکاری ملازمین کی گذر اوقات کا دارومدار ان کی ماہوار تنخواہوں پر ہے اس کے علاوہ کوئی اور ذریعہ معاش نہیں۔ نہ پارٹ ٹائم کے مواقع میسر ہیں۔ خبر ہے کہ آئی ایم ایف کا دباؤ پر حکومت کا سرکاری ملازمین کو 55 سال تک کی عمر میں ریٹائرمنٹ کر رہی ہے۔

تمام سرکاری ملازمین کے لئے نئی پالیسی کا اجراء ہونے جا رہا ہے جس کے تحت ملازم کو 60 برس کی عمر تک سروس کرنے کا تحفظ ختم کیا جا رہا ہے۔ تھوڑے تھوڑے کر کے یہ سب پرانے ملازمین نوکریوں سے قبل از وقت پنشن اگر یکویٹی دے کر ریٹائر کئے جائیں گے۔ اور آئندہ کے لئے IMF کے ایجنڈے کے تحت کسی بھی ملازم کو پنشن اہل نوکری نہیں دی جائے گی۔ اس ضمن میں 3 الگ الگ کمیٹیاں کام کر رہی ہیں۔ جو گریڈ 1 تا 16 الگ کمیٹی ہوگی۔

گریڈ 17 تا 20 الگ اور گریڈ 21 تا 22 کی الگ کمیٹی کام کرے گی۔ یہ کمیٹیاں اپنی اپنی سفارشات مرتب کر کے ملازمین کی قبل از وقت ریٹائرمنٹ بمعہ اخراجات کی تجاویز حکومت کو پیش کریں گی۔

اور یوں ایک دو ماہ کے اندر ریٹائرمنٹ کے آرڈر جاری ہونا شروع ہو جائیں گے اور ساتھ ساتھ IMF وغیرہ کو اپنی کارکردگی بھی بتاتے جائیں گے

اس ضمن میں 58 برس والے ملازمین کو فوری طور پر 2 سال کی جبری رخصت پر بھیج دیا جائے گا۔ اس کے بعد 30 برس سروس مکمل کرنے والے ملازمین کی تیاری کا مرحلہ شروع ہو جائے گا۔ اس کے بعد 25 برس سروس والوں کی باری آئے گی۔

مرحلہ وار ریٹائرمنٹ کی فہرست میں کنٹریکٹ ملازمین کو فارغ کیے جانے کا بھی قوی امکان ہے اور سالانہ کنٹریکٹ والے ملازمین کا اگلا کنٹریکٹ renew نہیں کیا جائے گا اور اس طرح وہ ملازمین ڈی نوٹیفائی ہو کر گھر چلے جائیں گے۔

پھر کچھ ایسے ملازمین بھی زد میں آئیں گے جن کی سروس تو پکی ہے مگر وہ پنشن کے ریلز میں نہیں آتے۔ ایسے ملازمین میں سے خراب کارکردگی والے فارغ کر دیے جائیں گے۔

پھر ساتھ ہی redundant پوسٹوں پر کام کرنے والے ملازمین بھی ریٹائر کر دیے جائیں گے۔ یاد رہے ریڈنڈنٹ وہ پوسٹیں ہیں جن پر ملازمین کام کر رہے ہیں مگر اس پوسٹوں کی محکمہ کو اب ضرورت باقی نہیں رہی۔ جیسے جیسے ان پوسٹوں پر کام کرنے والے ریٹائرڈ ہوتے جائیں گے ویسے ہی ان پوسٹس کو ہی سرے سے ختم کر دیا جائے گا آئندہ تمام ملازمین قلیل مدت کے لیے بھرتی کئے جائیں گے۔ جنھیں مستقل نہیں کیا جائے گا۔

بلوچستان کے سرکاری ملازمین صنعت و حرفت اور دیگر انڈسٹریز نہ ہونے کی وجہ سے پارٹ ٹائم بھی نہیں

شال بقیہ 1

سیکریٹری سیکنڈری تعلیم غلام علی بلوچ، سیکریٹری صحت دوشین جمالدینی، سیکریٹری مواصلات وتعمیرات نورالامین مینگل، سیکریٹری اطلاعات شاہ عرفان غرشین اور اسپیشل سیکریٹری خزانہ لعل جان جعفر نے بھی اجلاس میں شرکت کی، وزیراعلیٰ نے کہا کہ تمام شعبوں خاص طور پر تعلیم اور صحت کے اداروں کی عمارات کو اس طرز پر تعمیر کیا جائے جو دیرپا افادیت اور تمام سہولیات سے آراستہ ہوں، وسیع وعریض اراضی پر کیڈٹ کالج، ریذیڈنشل کالجز اور ہسپتالوں کی تعمیر پر خصوصی اخراجات ہوتے ہیں جبکہ ان کی افادیت محدود ہوجاتی ہے، عمارتیں اتنے ہی رقبے پر بنائی جائیں جتنی ضرورت ہو اور ان کی افادیت بھی زیادہ ہو، وزیراعلیٰ نے صوبے کے مختلف علاقوں میں تعمیر ہونے والی نئی عمارتوں کے ڈیزائن اس علاقے کے موسمی حالات کے مطابق بنانے اور تعلیمی اداروں کی تعمیر میں پری فیب ٹیکنالوجی کے استعمال کی ہدایت کی، وزیراعلیٰ نے پی ایس ڈی پی میں شامل تحصیل جی او آر کے منصوبوں کے ڈیزائن کو بھی رہائش کی جدید سہولیات کے مطابق بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ رہائش کی بہتر سہولتوں اور کام کرنے کے بہتر ماحول کی فراہمی کے ذریعہ سرکاری افسران اور اہلکاروں کی صلاحیتوں کو بڑھایا جاسکتا ہے، وزیراعلیٰ نے کہا کہ ڈویژن اور ضلعوں میں قوانین اور قواعد وضوابط کے نفاذ کو یقینی بنانے کے لئے سول انتظامیہ کا موثر کردار ضروری ہے، انہوں نے کہا کہ قوانین اور قواعد وضوابط میں پائی جانے والی کمی بیشی کو دور کرنے کے لئے قانون سازی کی جائے گی جس کے لئے متعلقہ ادارے اپنی سفارشات تیار کرکے حکومت کو پیش کریں۔

شال بقیہ 2

بریفنگ دی گئی۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے بتایا کہ کہ صوبہ پنجاب کے تمام شہروں میں بیس کلو آٹے کا تھیلا 860 روپے پر فراہم کیا جارہا ہے۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے بتایا کہ گندم کی وافر دستیابی کو یقینی بنانے کے لئے حکومت پنجاب کی جانب سے اٹھارہ ہزار ٹن گندم روزانہ کی بنیاد پر ریلیز کی جارہی ہے، صوبہ خیبر پختونخواہ کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے تقریباً بیس فیصد آٹا خیبر پختونخواہ کو بھجوایا جارہا ہے۔ چیف سیکرٹری پنجاب نے صوبے میں گندم کی دستیابی اور قیمتوں کے بارے میں بھی تفصیلی بریفنگ دی۔ چیف سیکرٹری خیبر پختونخواہ نے گندم کی اسمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے اجلاس کو آگاہ کیا۔ وزیراعظم نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ ملک بھر میں گندم کی ذخیرہ اندوزی میں ملوث افراد کے خلاف فوری کریک ڈاؤن کیا جائے۔ وزیراعظم نے چیف سیکرٹری خیبر پختونخواہ اور چیف سیکرٹری بلوچستان کو ہدایت کی کہ گندم کی اسمگلنگ کی روک تھام کو مکمل طور پر یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ ملک بھر میں گندم اور آٹے کی وافر دستیابی کو یقینی بنانے اور قیمتوں کو یکساں سطح پر لانے کے لئے جہاں بین الصوبائی کوآرڈینیشن کو مزید بہتر کیا جائے وہاں جامع اور منظم انتظامی اقدامات کو یقینی بنایا جائے۔ وزیراعظم نے چیف سیکرٹری سندھ کو ہدایت کی کہ گذشتہ سال کے تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے صوبہ سندھ میں گندم کی ریلیز کی پالیسی کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ مستقبل میں گندم اور آٹے کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے گندم کی درآمد کے فیصلے پر عمل درآمد کے حوالے سے منصوبہ بندی کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے۔ وزیراعظم نے صوبائی چیف سیکرٹری صاحبان کو ہدایت کی کہ ملاوٹ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی جاری رکھی جائے اور اس ضمن میں کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے۔

شال بقیہ 3

چیف جسٹس جسٹس گلزار احمد، جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منظر عالم میاں خیل پر مشتمل بینچ نے کی سماعت کے دوران سینیٹر سرفراز بگٹی کے وکیل کامران مرتضیٰ ایڈووکیٹ کو روناوائرس کے باعث پیش نہیں ہوئے ان کی جگہ ایاز ظہور ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے، سماعت کے دوران نو سالہ ماریہ کو عدالت میں پیش کرتے ہوئے اسکی نانی کے سپرد کیا گیا عدالت نے سینیٹر سرفراز بگٹی کے وکیل ایاز ظہور سے استفسار کیا کہ کیا بچی بازیاب ہو گئی جس پر وکیل نے بتایا کہ جی ہاں معذوری بچی اس وقت کمرہ عدالت میں موجود ہے اسے اسکی نانی کے سپرد کر دیا گیا ہے عدالت کی جانب سے سینیٹر سرفراز بگٹی کی جانب سے پیش نہ ہونے پر استفسار کیا گیا کہ سینیٹر سرفراز بگٹی کیوں عدالت میں پیش نہیں ہوئے جس پر انکے وکیل نے کہا کہ کوئٹہ میں ٹریفک کے باعث سرفراز بگٹی اب تک عدالت نہیں پہنچ سکے کچھ ہی دیر میں پہنچ جائینگے۔ سپریم کوئٹہ کوئٹہ رجسٹری میں ویڈیو لنک کے ذریعے بچی ماریہ کے اغوا سے متعلق کیس کی سماعت ملتوی کردی گئی۔ واضح رہے کہ بچی کے اغوا میں معاونت پر نامزد سینیٹر سرفراز بگٹی کی درخواست ضمانت کی درخواست بلوچستان ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ کی جانب سے مسترد کی جاچکی ہے۔ بعدازاں بازیاب ہونے والی 9 سالہ ماریہ کی مدعیہ نانی نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وہ بچی کی خوشی پر بے حد خوش ہیں اور عدلیہ اور پولیس کی اس حوالے سے شکر گزار بھی ہیں جنکی کاوشوں سے انکی بچی انکے پاس پہنچ گئی۔۔

شال بقیہ 4

پیغامات بھیجے۔ انہوں نے کہا کہ میری تمام ہم وطنوں سے گذارش ہوگی کہ گھبرائیں نہیں احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور اگر علامات محسوس ہوں تو تاخیر نہ کریں فوری طور پر طبی ماہرین سے رابطہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے جب ابتدائی طور پر علامات محسوس ہوئیں تو میں نے حفظ ماتقدم کے طور پر تمام ملاقاتیں اور اجلاس منسوخ کردیئے تاکہ میری وجہ سے کوئی اور اس مرض کا شکار نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ فوری طور پر ٹیسٹ ہوجانے کے باعث اور جلد علاج شروع ہوجانے کے سبب میری طبیعت بتدریج سنبھلنے لگی، مجھے پلازمہ بھی انجیکٹ کیا گیا، میں تمام ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف جو اس کرونا وبا کے خلاف برسرپیکار ہیں اور دن رات مریضوں کی دیکھ بھال میں مصروف ہیں ان کی عظمت کا اعتراف کرتا ہوں اور انہیں سلام پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ملٹری اسپتال راولپنڈی میں جس طرح سے ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف نے میرا خیال رکھا میں تہہ دل سے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں الحمدللہ گھر منتقل ہوچکا ہوں اور خود کو بہت بہتر محسوس کررہا ہوں میرے دوبارہ ٹیسٹ لیے گئے ہیں جو انشاء اللہ درست ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کی طرف سے شوگر مل مالکان کے خلاف کارروائی کرنے کی اجازت کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ احتساب کے بغیر شفاف سیاسی قیادت کا سامنے آنا ناممکن ہے۔

شال بقیہ 5

اہمیت کی حامل ہے، بالخصوص صوبہ کے تاجروں کے کردار کو فراموش نہیں کیا جاسکتا ہے، کورونا وائرس عالمی وبا بن چکی جس سے پاکستان بھی شدید متاثر ہورہا ہے اس ضمن میں انتہائی مجبوری میں سخت فیصلے کرنے پڑے، انہوں نے کہا کہ، وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کو عام آدمی کا احساس ہے آج ایک طرف کورونا وائرس تو دوسری جانب غربت و افلاس ہے ہم چاہتے ہیں کاروباری سرگرمیوں کو جامع و مربوط حکمت عملی کے ساتھ جاری رکھا جائے۔ وزیر داخلہ نے تاجروں پر زور دیا کہ آپ مختلف شعبوں کے لئے احتیاطی تدابیر پر مشتمل ایس او پی بنا کر دیں تاکہ اس کی روشنی میں بھرپور اقدامات یقینی بنائے جاسکیں۔ حکومت کورونا سے متاثر ہونے والے ہر طبقے کو ریلیف فراہم کرے گی جس کی ایک مثال احساس پروگرام ہے۔ حکومت کو ہوٹل، اور اوقات کار کی وجہ سے پیدا ہونے والی تمام مشکلات کا ادراک ہے تاجر برادری کو ریلیف فراہم کرنے اور معیشت کا پہیہ چلانے کے لیے لاک ڈاؤن میں نرمی کیلئے مختلف تجاویز زیر غور ہیں۔ وفد کے سربراہ رحیم آغا نے وزیر داخلہ کو بتایا کہ کورونا وائرس کے باعث کاروبار زندگی لاک ڈاؤن کی نظر ہوگیا ہے اس صورتحال میں تاجروں کو معاشی دشواریوں کا سامنا ہے۔ جس پر صوبائی وزیر داخلہ نے کہا کہ انجمن تاجران کی سفارشات سے وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان آگاہ کرکے حتمی فیصلہ کرچکے۔

شال بقیہ 6

کے باوجود کورونا کی صورتحال میں پاکستان کی معیشت کئی ممالک سے بہتر ہے، پنشن ختم کرنے سے متعلق سوشل میڈیا پر آنے والی خبریں بے بنیاد ہیں، پی ٹی وی انکوائری رپورٹ آئندہ جمعرات تک قائمہ کمیٹی میں پیش کردی جائیگی۔ منگل کو وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز نے کہا کہ کوئی بھی چیز اٹھا کر دیکھیں اس میں بے ضابطگیاں ملتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اصلاحات آسان کام نہیں، اس کے لیے وقت درکار ہوتا ہے، اداروں میں شفاف تعیناتیوں کا نظام بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نظام کو ٹھیک کرنا آسان نہیں ہوتا، انتخابی اصلاحات کے ذریعے انتخابات کو شفاف بنانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ کے انتخابات میں ووٹ خریدے اور بیچے جاتے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ تمام اداروں میں غیر قانونیت کا نظام دیکھنے میں آیا جس کی اصلاحات جاری ہیں۔ شبلی فراز نے کہا کہ ماضی میں اداروں کی بہتری کے لیے کوئی کام نہیں کیا گیا تاہم اب وزیراعظم سینیٹ انتخابات میں شفافیت کے لیے پرعزم ہیں۔ شبلی فراز نے کہا کہ انتخابی اصلاحات کے ذریعے شفاف انتخابات کرانا چاہتے ہیں، ایسا الیکشن کرانا چاہتے ہیں جس پر کوئی انگلی نہ اٹھا سکے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ الیکشن میں دو صوبوں سے زیادہ سوالات اٹھتے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم نے سفارتخانوں کو ہدایت کی ہے کہ متعلقہ ممالک میں قید پاکستانیوں کو قانونی معاونت فراہم کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے کہا ہے کہ تمام صوبے فوری فنانس کمیشن بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ فنانس کمیشن سے صوبے کے ہر علاقے کو ایک فارمولے کے تحت مساوی وسائل فراہم کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن ایسی صورتحال کا شکار ہے کہ ان کے پاس نہ کوئی ایجنڈا ہے نہ متبادل پروگرام ہے، اپوزیشن نے ملک کو بے یقینی سے دوچار کرنے کی کوشش کی ہے، ان سب کو اپنے گناہوں کا پتہ ہے، احتساب کا دباؤ محسوس کررہے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پاکستان اب بدل گیا ہے۔

شال بقیہ 7

استعمال ہونے والے اسٹرلائزڈ دھاگے (کیٹگٹ ✕ سوچرز اور وکرلز) بھی کارروائی کے دوران برآمد کی گئی۔ رہائشی فلیٹ کو میڈیسن کا گودام بنایا ہوا تھا۔ اسی فلیٹ سے ملکی طور تیار شدہ مشہور ادویات سے ملتی جلتی نقلی ادویات بھاری مقدار میں برآمد کرلی گئی۔ یہ ادویات آدھی قیمت پر مارکیٹ میں فروخت کی جارہی تھی۔ تمام ادویات سرکاری قبضے میں لے کر فیسٹ کے لیے ڈرگ ٹیسٹنگ لیبارٹری بھجوا دی گئی اور ڈرگ ایکٹ 1976 کے تحت کیس رجسٹرڈ کرکے مزید کارروائی کے لیے صوبائی کوالٹی کنٹرول بورڈ بھجوا دیا گیا۔ اور فلیٹ کو سیل کردیا گیا۔ اسی کارروائی کے تسلسل میں بیٹ روڈ پر واقع فضل میڈیسن پلازہ میں حفیظ ٹریڈرز کے فلیٹ پر بھی چھاپہ مارا گیا۔ اس فلیٹ میں لاہور کے ایک گھر کی بنی ہوئی نقلی ادویات کی بھاری مقدار برآمد کرکے ڈرگ ایکٹ 1976 کے قانون کے تحت سیل کردی گئی۔۔ ان ادویات کا اسٹاک غیر قانونی طور پر فلیٹ کے دو کمروں میں رکھی ہوئی تھی۔ حفیظ ٹریڈرز کے پاس ڈرگ سیل لائسنس اور ادویات کے وارنٹی بل بھی موجود نہ تھا۔ سینیئر ڈرگ انسپکٹر سرور خان کاکڑ نے تمام میڈیکل سٹورز کو ہدایت کی کہ وہ صرف کمپنی کے مقرر کردہ ڈسٹری بیوٹرز سے ادویات خریدیں۔ اور ان ادویات کے ساتھ وارنٹی بل ضرور طلب کریں۔ سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان دوشین خان جمالدینی نے تمام ڈرگ انسپکٹرز کو سختی سے ہدایت کی۔ کہ وہ ادویات اور ان کی کوالٹی پر نظر رکھے۔ اور عوام کو اصلی ادویات کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کریں۔ نقلی ادویات بنانے اور بیچنے والوں کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے۔ کیونکہ ایسے ضمیر لوگ معاشرے کا ناسور ہوتے ہیں۔

شال بقیہ 8

درمیان ایک رنجش کو پہنچی الزام لیس کا نام دیکر اس میں میری کردار کشی کی گئی اس پر مجھے افسوس ہے کسی بھی بچی کی اچھالنا اچھی بات نہیں ہے اسلام آباد سے جس طرح معاملے کو پیش کیا گیا اس سے بہت سے ابہام پیدا ہوئے جو کہ اچھی بات نہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاملہ ایک باپ اور بچی کی نانی کے درمیان بچی کی حوالگی کا تھا بلوچستان کی سیاسی و سماجی روایات کے تحت بچی کا والد عدالت کی اجازت سے میرے گھر آیا تھا چونکہ میں گھر پر نہیں تھا میرے ملازمین نے انکی خدمت کی اور انکا والد بچی کے ہمراہ پانچ بجے سے پہلے میرے گھر سے جاچکا تھا مجھے اس بات کا ادراک ہے کہ توکل بگٹی کو ایسا نہیں کرنا چاہئے تھا لیکن یہ انکا ذاتی مسئلہ تھا اس لئے میں نے اس پر کوئی بات نہیں کی میں پہلے دن سے ہی اس معاملے سے لاتعلق ہوں جس طرح مجھے اس معاملے میں گھسیٹا گیا وہ غلط تھا لیکن میں نے اپنا معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا ہے جبکہ خوش آئند بات یہ ہے کہ دونوں فریقین نے آؤٹ آف کورٹ معاملے کو نپٹالیا ہے میں سپریم کورٹ کا بھی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری ضمانت کی درخواست اگر قبول نہیں کی تو اسے مسترد بھی نہیں کیا میں پہلے بھی عدالتوں کا سامنا کرچکا ہوں اور انہی عدالتوں سے بری ہوا ہوں پانچ سال وزیر داخلہ اور اب سینیٹر بننے کے بعد میں قانون کو کسی صورت ہاتھ میں لینے کا سوچ بھی نہیں سکتا۔

شال بقیہ 9

ہے، منگل کو صوبے میں کورونا وائرس کے 71 مریضوں کے صحت یاب ہونے کے بعد اب تک صحت یاب ہونے والوں کی تعداد 7883 ہوگئی جس کے بعد اس وقت صوبے میں کورونا وائرس کے ایکٹو مریضوں کی تعداد 3229 ہے۔

شال بقیہ 10

عامر فاروق نے مسلم لیگ نون کی جانب سے کابینہ کی نجکاری کمیٹی میں وزیراعظم کے خصوصی مشیروں کی شمولیت کیخلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار کے وکیل بیرسٹر محسن شاہ نواز رانجھا نے عدالت کو بتایا کہ 25 اپریل 2019ء کو کابینہ کی نجکاری کمیٹی کی تشکیل کا نوٹی فکیشن جاری ہوا، جبکہ کابینہ کمیٹی برائے نجکاری میں مشیروں کو شامل کرنا آئین کی خلاف ورزی ہے، مشیر آئین کے تحت حلف نہیں اٹھاتے اس لیے آئین، جمہوریت کے محافظ نہیں ہوتے۔ بیرسٹر محسن شاہ نواز رانجھا نے کہا کہ مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ کو کمیٹی کا ممبر اور چیئرمین بنانا غیر قانونی ہے، جبکہ ڈاکٹر عشرت حسین، مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد کو ممبر بنانا بھی غیر قانونی ہے۔ جسٹس عامر فاروق نے وکیل بیرسٹر محسن شاہ نواز رانجھا سے استفسار کیا کہ آپ کہہ رہے کمیٹی میں قومی اسمبلی کے ممبران ہونے چاہیے؟ اس پر وکیل نے بتایا کہ کمیٹی میں 3 ممبران قومی اسمبلی کے ممبر نہیں جبکہ کابینہ کمیٹی کے ممبران کا ممبر پارلیمنٹ ہونا ضروری ہے۔ بیرسٹر محسن شاہ نواز رانجھا نے عدالت کو بتایا کہ کابینہ کا ممبر 2 حلف اٹھاتا ہے تاہم مشیر کا صرف نوٹی فکیشن ہوتا ہے، وزیراعظم کے مشیروں پر اہلیت، نااہلی کی آئینی شقوں کا بھی اطلاق نہیں ہوتا۔ جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیئے کہ یہاں بہت سارے کیبنٹ ایک ہی نوعیت کے زیر اٹھاتا ہیں، نیشنل فنانس کمیشن اور معاونین خصوصی سے متعلق کیسز بھی زیر التواء ہیں۔ اس موقع پر عدالت نے مشیر ادارہ جاتی اصلاحات ڈاکٹر عشرت حسین، مشیر تجارت عبدالرزاق داؤد سمیت مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ، سیکرٹری کابینہ ڈویژن، سیکرٹری خزانہ کو بھی نوٹس جاری کردیئے۔ عدالت نے فریقین سے جواب طلب کرتے ہوئے سماعت ایک ہفتے کیلئے ملتوی کردی۔ واضح رہے کہ مسلم لیگ نون اسپیکر قومی اسمبلی کو بھی مشیروں کو نجکاری کمیٹی سے نکالنے کا خط لکھ چکی ہے۔

شال بقیہ 11

ہوگا، پی ٹی ڈی سی کے 180 ملازمین کو ایک اعشاریہ آٹھ ارب روپے کا گولڈن ہینڈ شیک دیا جائے گا۔ منگل کو قومی اسمبلی میں سیاحتی مقامات دوبارہ نہ کھولے جانے کیخلاف توجہ دلاؤ نوٹس مسلم لیگ (ن) کے مرتضیٰ جاوید عباسی نے پیش کیا جس کا جواب دیتے ہوئے وزیر مملکت علی محمد خان نے کہا کہ کرونا نے پورے ملک کو اپنی لپیٹ میں لیا ہوا ہے، ملک میں سیاحت کی صنعت سب سے زیادہ متاثر ہوئی۔ علی محمد خان نے کہا کہ سیاحتی مقامات کے مقامی افراد کا کوئی اور ذریعہ معاش نہیں ہوتا، وزیراعظم کو اس بات کا احساس ہے۔ علی محمد خان نے کہا کہ کیبنٹ فورزم بورڈ کے 22 جولائی کے اجلاس میں اس بات پر غور کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سیاحتی شعبہ کو فوری ریلیف دینے کی ضرورت ہے، دیکھا جائے گا کہ سیاحتی سرگرمیوں کو کس طرح بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 1-3 ارب کا گولڈن ہینڈ شیک پی ٹی ڈی سی ملازمین کو دینے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بزنس چلانا حکومت کا کام نہیں، عمران خان نے سیاحت کو ہمیشہ سپورٹ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاحتی مقامات پر کاروباری افراد کو ریلیف پیکیج دینے پر بھی غور کیا جائے گا، سیاحتی مقامات کو ایس او پیز کے تحت کھولنا ہوگا۔

شال بقیہ 12

انہوں نے پیج کے سامنے اعتراف کیا کہ مجھ پر کوئی بدعنوانی کا الزام نہیں بلکہ اختیارات کے غلط استعمال کا الزام ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیب نے الزام لگایا کہ کیبل صوبائی دائرہ اختیار میں آتا ہے تو میں نے پی ایس ڈی پی میں یہ منصوبہ کیوں ڈالا، میں سوال کرتا ہوں کہ اس سال پی ٹی آئی حکومت نے یونین کونسل کی سطح کے منصوبے پی ایس ڈی پی میں شامل کیے ہیں نیب ان کو کیوں نہیں پکڑ رہی۔ انہوں نے کہا کہ بھونڈے مقدمے میں انتقامی کارروائی کا نشانہ بنا کر میری کردار کشی کی گئی اور بین الاقوامی طرز کے منصوبے کو تباہ و برباد کردیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ 2020 میں نجم سیٹھی نے ناردوال اسپورٹس سٹی میں پی ایس ایل کا میچ کے انعقاد کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اسپورٹس سٹی منصوبے کی 86 فیصد فنڈنگ ہوچکی تھی مگر عمران خان نے آتے ہی اس منصوبے کی فی الفور فنڈنگ روک دی جو صرف 14 فیصد باقی رہ گئی تھی جس کی وجہ سے کافی زیادہ تعداد میں درآمد شدہ سامان ضائع ہوگیا۔

شال بقیہ 13

سلسلے میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سی ڈویژن جہانزیب جمیل کاکڑ کی سربراہی میں ایکسائز نارکوٹکس آفیسر انسپکٹر عبدالسلام رئیسانی، انسپکٹر چوہدری وسیم احمد، سب انسپکٹر عمل محمد فیک سمیت دیگر عملہ پر مشتمل نارکوٹکس فورس نے قومی شاہراہ پر مشکے کے مقام پر خفیہ اطلاع ملنے پر کوئٹہ سے آنے والی آلٹو مہران گاڑی کو روکا جس کی تلاشی لینے کے بعد گاڑی کے خفیہ خانوں اور سی این جی گیس سلنڈر سے افغانی کوانٹی کو چرس برآمد کرلیا جبکہ موقع پر چرس اسمگلر عظیم خان اور فیض اللہ کو گرفتار کرکے ان کیخلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر سی ڈویژن جہانزیب جمیل کاکڑ کے مطابق دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کرتے ہوئے بتایا ہے کہ ملزمان چرس کو صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سے اندرون سندھ اسمگل کرنے کی کوشش کررہے تھے تاہم ایکسائز نارکوٹکس فورس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے چرس کی اسمگلنگ کو ناکام بنادیا ہے اس موقع پر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفیسر جہانزیب جمیل کاکڑ نے بتایا کہ چرس کی مالیت لاکھوں روپے کی ہے جسے گاڑی سمیت تحویل میں لے لیا گیا ہے جبکہ اس ضمن میں مزید تفتیش ایکسائز نارکوٹکس فورس کررہی ہے۔۔

شال بقیہ 14

کے آؤٹ پیرا ز کا جائزہ لیا گیا۔ آؤٹ حکام نے بتایا وہ محکمہ موسمیاتی تبدیلی کی جانب سے دستاویزات مکمل نہیں دی گئیں، محکمہ موسمیاتی تبدیلی نے 2 کروڑ 50 لاکھ روپے کی رقم خرچ نہیں کی اور واپس کردی، یہ رقم دوبارہ اے جی پی آر نے محکمہ موسمیات کو دیدی، اے جی پی آر کو یہ اختیار ہی نہیں ہے کہ قومی خزانے میں واپس کی گئی رقم دوبارہ وزارت کو دیدے، کمیٹی نے معاملے کی دوبارہ ڈپارٹمنٹ آڈٹ کروانے کی ہدایت کردی۔ بتایا گیا کہ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواہ کی کمیٹی نے سونامی ٹری منصوبے کا دورہ کیا۔ کنوینر کمیٹی نے کہا کہ دورے کے دوران موسمیاتی تبدیلی نے کوئی تعاون نہیں کیا، سونامی ٹری منصوبے میں جڑی بوٹیوں کو بھی اس کا حصہ بنایا گیا۔ سیکرٹری موسمیاتی تبدیلی نے کہا کہ سونامی ٹری منصوبے کو عالمی اداروں نے بھی تسلیم کیا ہے۔ ریاض فتیانہ نے کہا کہ ٹین بلین ٹری منصوبے میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی ریلوے کینال ایری گیشن کو بھی ساتھ لے کر چلیں، ان کے بغیر آپ ٹارگٹ حاصل نہیں کرسکتے۔ ریاض فتیانہ نے کہا کہ ریلوے اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی کیساتھ لاکھوں ایکڑ زمین خالی ہے۔ اجلاس کے دوران این ڈی ایم اے کے چیئرمین کی عدم شرکت پر کنوینر کمیٹی برہم ہوگئیں اور کہا کہ این ڈی ایم اے کے چیئرمین آج بھی نہیں آئے۔ شاہد اختر علی نے کہا کہ اس سے قبل بھی دو بار کمیٹی کا اجلاس چیئرمین این ڈی ایم اے کی غیر موجودگی میں ملتوی کرنا پڑا۔ کمیٹی نے کہا کہ بغیر کسی اطلاع کے چیئرمین این ڈی ایم اے شریک نہیں ہوئے۔ ریاض فتیانہ نے کہا کہ چیئرمین این ڈی ایم اے اس وقت کہاں پر ہیں۔ ممبر این ڈی ایم اے نے کہا کہ چیئرمین صاحب اس وقت کراچی سے کوئٹہ جارہے ہیں۔ ریاض فتیانہ نے کہا کہ آئندہ احتیاط کریں اور نہ آنے کی صورت میں بروقت آگاہ کریں۔

شال بقیہ 15

مرکزی رہنما سینیٹر آغا شاہ زیب درانی نے سکھر میں بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم 8 خضدار رتو ڈیرو شاہراہ کی تکمیل سے نہ صرف آمد و رفت میں عوام کو سہولت ملی ہے بلکہ اس سے تجارت میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ اب اسی شاہراہ کے سیمہ۔ وخضدار سیکشن پر بھی تعمیراتی کام شروع ہوچکا ہے جس سے ترقی میں مذید اضافہ ہوگا، شاہراہوں کی تعمیر پیک اور گوادر پورٹ کی کامیابی سے ملک میں مذید ترقی آئیگی اور اس کا فائدہ سندھ و بلوچستان سمیت پورے ملک کے عوام کو فائدہ ہوگا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، ایم پی اے سکھر سید فروغ شاہ نے سینیٹر آغا شاہ زیب درانی سردار زادہ میر عبدالقیوم سانولی کے اعزاز میں پرتکلف ظہرانہ بھی دیا۔

شال بقیہ 16

بیورو (نیب) نے سپریم کورٹ کی ہدایت پر اس کیس میں تفتیش کا آغاز کیا ہے۔ دوران سماعت فاروق ایچ نائیک نے سپریم کورٹ کا فیصلہ بھی عدالت میں پیش کر دیا۔ فاروق ایچ نائیک نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 4 کے مطابق آصف زرداری کے خلاف یہ کیس نہیں چلایا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ بینک قرض واپسی کے لیے ریفرنس دائر ہونے سے پہلے کراچی میں کیس کرچکا ہے، بینک نے قانون کے مطابق کیس کر رکھا ہے تو نیب کا دائرہ اختیار نہیں بنتا۔ جج اعظم خان نے استفسار کیا کہ کیا بینک نے نیب انکوائری شروع ہونے سے پہلے کیس کیا تھا؟ نیب پراسیکیوٹر نے جواب دیا کہ بینک نے انکوائری شروع ہونے کے بعد کیس دائر کیا ہے۔

شال بقیہ 17

وسط میں کھڑی کرکے ٹریفک روانی میں خلل پیدا کرتا ہے جن کے خلاف فوری کارروائی کرنے ضرورت ہے شدید گرمی میں لوگ منٹوں کا راستہ گھنٹے میں طے کرنے پر مجبور ہیں جبکہ دوسری جانب ایمرجنسی مریضوں کو ہسپتال بروقت پہنچانے میں بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے کوئٹہ کے شہریوں نے ایس ایس پی ٹریفک پولیس سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ شہر میں غیر قانونی رکشوں و گاڑیوں کیخلاف فوری کارروائی کرتے ہوئے ٹریفک روانی کیلئے سازگار ماحول بنانے کیلئے کردار ادا کرے تاکہ شہری سکھ کا سانس لے سکیں۔۔

شال بقیہ 18

ہیں۔ گزشتہ ایک روز میں کورونا کے 1 ہزار 979 نئے کیسز سامنے آئے ہیں، جس کے بعد مریضوں کی مجموعی تعداد دو لاکھ 53 ہزار 604 ہوگئی ہے، مزید 50 اموات ہوئیں جس کے نتیجے میں مجموعی اموات کی تعداد 5320 ہوگئی۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق کورونا وائرس کے سب سے زیادہ کیسز صوبہ سندھ میں ہیں جہاں یہ تعداد ایک لاکھ 6 ہزار 622 ہوگئی ہے، پنجاب میں 87 ہزار 492، خیبر پختونخوا میں 30 ہزار 747، بلوچستان میں 11 ہزار 192، اسلام آباد میں 14 ہزار 202، گلگت بلتستان میں ایک ہزار 694، آزاد کشمیر میں کورونا کے ایک ہزار 655 مریض رپورٹ ہوئے ہیں۔ ملک بھر میں 733 ہسپتالوں میں کورونا مریضوں کیلئے سہولیات ہیں اور 1820 وینٹی لیٹرز دستیاب ہیں جبکہ اس وقت 4 ہزار مریض اسپتالوں میں داخل ہیں۔

شال بقیہ 19

کارکردگی بہتر ہونے سے ملک کی اکنامی بہتر ہوگی، ایف بی آر میں اصلاحات لاکر کارکردگی کو بہتر بنایا جاسکتا ہے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر اصلاحات پر تیزی سے کام ہورہا ہے، ٹیکس کی وصولی کے نظام کو مزید آسان بنایا جارہا، ایف بی آر کے نظام کو ڈیجیٹل کیا جارہا ہے۔ چیئرمین ایف بی آر نے کہا کہ انٹرنیٹ کے ذریعے رسائی حاصل کی جاسکے گی۔ اسپیکر نے افغان بارڈر پر درپیش مسائل کو فوراً حل کرنے کی ہدایت کی۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ ہمیں اپنے ایکسپورٹرز کو ہر ممکن سہولت دینی ہے، عوام کی زندگیوں سے مشکلات کو کم کرنا ہے۔۔

شال بقیہ 20

اظہار انہوں نے ایک ٹی وی پروگرام میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا' پروگرام میں انجمن تاجران ہزارگنجی زوبن کے صدر سید عبدالخالق آغا بھی موجود تھے' انہوں نے کہا کہ کورونا کے باعث جو اقتصادی سرگرمیوں میں سست روی آئی اس کو دور کرنے کیلئے وزیراعظم نے ترقیاتی حوالوں سے ایک پیکیج کا اعلان کردیا ہے جس میں دو لوگ حصہ لے سکتے ہیں جو سرکاری ملازمت نہیں رکھتے بلکہ انفرادی اور کمپنی کی صورت میں حصہ لے سکتے ہیں 30 دسمبر تک جو لوگ رقم یا زمین حوالے کرچکے اس کی گارنٹی دیکے ان کو رجسٹرڈ کیا جائیگا ان کی رقم اور زمین بھی محفوظ ہوگی، چیمبر اف کامرس ہو یا دیگر تاجر تنظیمیں وہ اس سلسلے میں ہمارے ساتھ تعاون کریگے عوام کو باخبر کرنے کیلئے جلد آگاہی مہم شروع کی جائیگی، انہوں نے ترقیاتی پیکیج کے حوالے سے مختلف امور پر روشنی ڈالی اور عوام کو اس کی افادیت سے آگاہ کیا۔

شال بقیہ 21

مینڈیٹ دیا جبکہ گزشتہ انتخابات میں ہمارا مینڈیٹ چھینا گیا انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدور کا مشترکہ اجلاس جلد طلب کیا جائیگا جس میں تمام اضلاع کے صدور پر اپنی کارکردگی کے حوالے سے رپورٹ پیش کریں گے، اجلاس میں پارٹی کو صوبے بھر میں فعال کرنے اور پارٹی پیغام کو گھر گھر پہنچانے کے لئے حکمت عملی مرتب کی جائیگی، ان

حکومت نے عوام دوست بجٹ پیش کرکے عوام دوستی کا ثبوت دیا، عارف محمد حسنی

موجودہ صوبائی حکومت کے وزراء بلا امتیاز عوام کو خدمت کر رہے ہیں اجتماعی ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دی جارہی ہے

ہسپتال اور کالج بنانے کے لئے موجودہ میں بجٹ رقم بھی مختص کی گئی ہے، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات

تھتان (آن لائن) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر عارف جان محمد حسنی نے کہا کہ موجودہ حکومت نے عوام دوست بجٹ پیش کرکے عوام دوستی کا ثبوت دیا ہے کیونکہ ہر وقت جو حکومت بجٹ پیش کرتے تھے عوام دوست بجٹ نہیں ہوتے تھے اس عالمی وبا کرونا وائرس کی موجودگی میں جس طرح حکومت نے عوامی مشکلات کو دیکھتے ہوئے عوامی جو فیصلے کیے ہیں وہ خراج تحسین کے مستحق ہیں کیونکہ کرونا وائرس کی واحد علاج احتیاط ہے جو کہ موجودہ حکومت عوام کو بار بار اس کی تاکید کر رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے تھتان میں قبائلی رہنما میر تاج محمد محمد حسنی کی طرف سے دیئے گئے ان کے اعزاز میں ٹی پارٹی کے موقع پر کی ان کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر تھتان محمد وارث ایڑو۔ تحصیلدار اوتھل احمد محمد حسنی ۔ رسالدار سردار نبی بخش خانخیل ۔ سابق رسالدار لیویز تھتان

جنگ نمبر 36 صفحہ 3 پر

اوتھل سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین جمالدینی لسبیلہ یونیورسٹی میں پی پی ایچ آئی لسبیلہ کے تعاون سے قائم بی ایچ یو کا افتتاح کر رہے ہیں

لسبیلہ یونیورسٹی میں قائم بی ایچ یو کو ہر طرح کی سہولیات سے آراستہ کیا جائے، دوستین جمالدینی

بلوچستان کے لوگوں کو صحت کی سہولیات فراہم کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا

پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم نے لسبیلہ یونیورسٹی میں قائم بی ایچ یو کو بہترین انداز میں فعال کردیا ہے

اوتھل (نامہ نگار) سیکرٹری صحت دوستین جمالدینی نے لسبیلہ یونیورسٹی میں پی پی ایچ آئی لسبیلہ کے تعاون سے قائم بی ایچ یو کا افتتاح کردیا، افتتاح تقریب میں وائس چانسلر لسبیلہ یونیورسٹی ڈاکٹر دوست محمد بلوچ، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ حسن وقار چیمہ سمیت پی پی ایچ آئی، محکمہ صحت اور لسبیلہ یونیورسٹی کے افسران کی شرکت، تفصیلات کے مطابق بی کے روز سیکرٹری صحت دوستین جمالدینی نے لسبیلہ یونیورسٹی میں پی پی ایچ آئی لسبیلہ کے تعاون سے قائم کی گئی ہیلتھ یونٹ (بی ایچ یو) کا باقاعدہ افتتاح

جنگ نمبر 47 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 8 ارکان کی رخصت کی درخواستیں منظور کرلی گئیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں 8 ارکان کی رخصت کی درخواستیں منظور کرلی گئیں۔ منگل کو اسمبلی اجلاس میں صوبائی وزراء سردار محمد صالح بھوتانی، سردار عبدالرحمن کھیتران، میر عارف جان محمد حسنی، میر عمر

جنگ نمبر 46 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس کیخلاف اس جنگ میں دشمن کو شکست دیں گے، فضل

حکومت بلوچستان کی کارکردگی اور کورونا سے نبرد آزما ڈاکٹرز، فارماسسٹس، نرسز اور پیرامیڈیکس کی کارکردگی کو سراہا

جام کمال خان، فضیل اصغر اور سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان دوستین خان جمالدینی کی بہتر حکمت عملی کا مظہر ہے، چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل محمد افضل نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کے خلاف اس جنگ میں دشمن کو شکست دیں گے دستیاب وسائل اور محدود وقت میں غیر معمولی اقدامات وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان، چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ فضیل اصغر اور سیکرٹری ہیلتھ بلوچستان دوستین خان جمالدینی کی بہتر حکمت عملی کا مظہر ہے یہ بات انہوں نے منگل کو پی ایم سی اسپتال میں قائم کورونا وائرس کیلئے بنائے

جنگ نمبر 38 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سیکرٹری بلدیات صالح محمد ناصر، چیف میٹروپولیٹن آفیسر عطاء اللہ بلوچ و دیگر، ٹال کلر اسٹڈی مشرقی بائی پاس کا دورہ کر رہے ہیں

میر ضیاء اللہ لانگو کی کوششوں عوام کو بنیادی سہولیات میسر ہو رہے ہیں، عنایت اللہ بابر

کلی گزک، جوبان کراس، کلی غوث آباد کی سڑکیں اور نالیاں پختہ ہو رہے ہیں

خالق آباد (پ ر) بلوچستان عوامی پارٹی کوئٹہ کے ترجمان عنایت اللہ بابر نے کہا ہے کہ صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو کی کوششوں سے جوبان کراس، غوث آباد، کلی گزک گردونواح میں خطیر رقم سے سڑکیں اور نالیاں پختہ ہو رہے ہیں جس سے عوام کو آمدورفت میں سہولیات میسر ہونگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز زیر تعمیر سڑکوں کے دورے کے بعد میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ قلات بھر میں سڑکوں کا جال بچھایا جارہا ہے ایسے معیاری سڑکیں عوام کے لیے کسی نعمت سے کم نہیں ہے اس کے علاوہ دیگر ترقیاتی اسکیمات بھی عمل میں لائی جارہی ہے۔

سانحہ مستونگ کا ہر لمحہ آج بھی آنکھوں کے سامنے ہے، جبار خلجی

شہید نوابزادہ سراج رئیسانی سمیت ملک کی راہ میں جان قربان کرنے والوں کو پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگانے کی سزا دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار جبار خان خلجی نے شہید نوابزادہ سراج رئیسانی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہید نوابزادہ سراج رئیسانی سمیت ملک کی راہ میں جان قربان کرنے والوں کو پاکستان زندہ باد کا نعرہ لگانے کی سزا دی گئی، ملک کے بیرونی دشمن افواج پاکستان کے ہاتھوں شکست کے بعد اندرونی دشمنوں کے ساتھ مل کر پاکستان کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں لیکن وہ اپنے مذموم عزائم میں کسی بھی صورت کامیاب نہیں ہوسکتے۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان صرافہ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام شہید نوابزادہ سراج رئیسانی کی برسی کے حوالے

جنگ نمبر 58 صفحہ 3 پر

انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کے اختیار دار جان بوجھ کر مسائل پیدا کر رہے ہیں

خضدار (نامہ نگار) انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کے اختیار دار جان بوجھ کر مسائل پیدا کر رہے ہیں۔ انتظامیہ کے اعلیٰ افسران سے گذشتہ 6 ماہ سے بار بار مذاکرات کئے گئے مگر افسوس انتظامیہ اپنے کئے ہوئے معاہدوں سے

جنگ نمبر 50 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے رواں سیشن کے لئے پینل آف چیئرمین کا اعلان کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے رواں سیشن کے لئے پینل آف چیئرمین کا اعلان کردیا گیا، منگل کو اسمبلی اجلاس کے آغاز پر ڈپٹی اسپیکر بابر موسیٰ خیل نے اصغر خان اچکزئی، قادر علی نائل، اصغر علی ترین اور شام لعل لاہی

جنگ نمبر 51 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیم کا صحبت پور میں مختلف ہوٹلز، بیکرز، آئس فیکٹریز کا دورہ صفائی ستھرائی نہ ہونے پر جرمانے عائد

صحبت پور (این این آئی) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ٹیم کا صحبت پور میں مختلف ہوٹلز، بیکرز، بیورجز، تھاب شاپ، کریانہ اسٹورز، آئس فیکٹریز کا دورہ صفائی ستھرائی نہ ہونے پر جرمانے عائد تفصیلات کے مطابق بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے ڈائریکٹر آپریشن غلام مرتضیٰ بزدار، ڈپٹی آفیسر ماجد علی بزدار، ڈپٹی آفیسر ایاز علی، تحصیلدار صحبت پور سیف الدین کھوسہ کا صحبت پور میں ہوٹلز، بیکرز، بیورجز، تھاب شاپ، کریانہ اسٹورز، آئس فیکٹریز

جنگ نمبر 57 صفحہ 3 پر

ملکی معیشت کو تباہ کرنے والے انجام کو پہنچیں گے، مولانا حکیم حبیب اللہ بڑیچ

عوام کو سبز باغ دیکھانے والے خود کرپٹ اور کرپشن خور ٹولہ ثابت ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی سرپرست مولانا حکیم حبیب اللہ بڑیچ ضلعی معاون ناظم مالیات حاجی صالح محمد جمعیت ضلع کوئٹہ کے ضلعی معاون سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی جمعیت علماء اسلام گوہر آباد یونٹ کے امیر مولانا محمد عثمان پرکانی جنرل سیکرٹری مولانا عبدالحمید نے کہا کہ ملکی معیشت کو تباہ کرنے والے انجام کو پہنچیں گے حکمران جماعت عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہوچکی ہے عوام کو سبز باغ دیکھانے والے خود کرپٹ اور کرپشن خور ٹولہ ثابت ہو گئے جمعیت علماء اسلام ہر محاذ پر ملک کو لوٹنے والے حکمرانوں کی محاسبہ کرتے رہیں گے جمعیت علماء اسلام ملک کی سب سے بڑی سیاسی و مذہبی قوت ہے۔

ملازمین کی مدت میں کمی پنشن کے خاتمے کی شدید مذمت کرتے ہیں، عبدالرحمن رفیق

جمعیت علماء اسلام ہمیشہ ملازمین کے حقوق کے لیے سرگرم رہی ہے، امیر جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ مولانا محمد ایوب ڈپٹی سیکرٹری حافظ مسعود احمد سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شیرانی سیکرٹری مالیات میر سرفراز شاہوانی مولانا جمال الدین ثقافتی مولانا محمد طاہر توحیدی حاجی صالح محمد ملک نصیر احمد ایڈووکیٹ حاجی عبداللہ سلیمان نیل ملک عبداللہ خان ناصر نے

جنگ نمبر 41 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت نے کامیاب جوان پروگرام کے دوسرا مرحلے کا آغاز کردیا

نوجوان اپنے کاروبار کے لیے 1 لاکھ سے ڈھائی کروڑ تک کا قرض لے سکیں گے، عثمان ڈار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے کامیاب جوان پروگرام کے دوسرا مرحلے کا آغاز کردیا ہے اس حوالے سے وزیر اعظم کے معاون خصوصی عثمان ڈار نے کہا کہ نوجوان اپنے کاروبار کے لیے 1 لاکھ سے ڈھائی کروڑ تک کا قرض لے سکیں گے، فیصلہ کورونا کے باعث معیشت کو درپیش چیلنجز کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ عثمان ڈار نے کہا کہ مالی مشکلات کے شکار نوجوان اس پروگرام سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، نوجوان صرف کاروبار کا منصوبہ

جنگ نمبر 44 صفحہ 3 پر

پیر خالد سلطان القادری والد کی وفات پر آج کوئٹہ میں فاتحہ لیں گے

کوئٹہ (این این آئی) سابق رکن بلوچستان اسمبلی و سجادہ نشین دربار پیران حضرت سلطان غلام میراں کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بدھ سے اتوار تک کوئٹہ میں حق باہو بلڈنگ بمقام فیض آباد سریاب روڈ میں ہوگی۔ پیر طریق رہبر شریعت صاحبزادہ الحاج پیر خالد

جنگ نمبر 45 صفحہ 3 پر

جعلی لوکل اور ڈومیسائل حاصل کرنے والے اور جاری کرنے والوں کیخلاف مقدمہ درج کیا جائے، ڈاکٹر اسحاق بلوچ

ہر ضلع میں مقامی سطح پر لوکل کمیٹی تشکیل دی جائے، مرکزی سیکرٹری اطلاعات نیشنل پارٹی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان سے جعلی لوکل اور ڈومیسائل حاصل کرنے والے افراد کی تعداد ہزاروں میں ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حقیقی لوکل اور ڈومیسائل بلوچستانیوں کی حق تلفی کی ہے حکومت پہلے

جنگ نمبر 48 صفحہ 3 پر

کوہک گاجان کے مکین پانی کے بوند کے لیے ترس رہے ہیں

پانی کے حصول کے لیے روزانہ دس کلومیٹر جانا پڑتا ہے، میر امان اللہ محمد شہی

تفتان (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنما، میر امان اللہ محمد شہی نے کہا ہے کہ کوہک گاجان کے مکین پانی کے بوند کے لیے ترس رہے ہیں پانی کے حصول کے لیے روزانہ دس کلومیٹر جانا پڑتا ہے انہوں نے کہا کہ کوہک گاجان میں پانی کی زیر زمین سطح انتہائی خطرناک حد تک گر گئی

جنگ نمبر 49 صفحہ 3 پر

سی ٹی ڈی کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر آفیسر جہانزیب جمیل کا گرچرس برآمدگی کے سلسلے میں تفصیلات سے آگاہ کر رہے ہیں

نیشنل ہائی وے پر چلنے والے گاڑیوں کو چاہیے کہ وہ گاڑیوں کی چھتوں پر سواری نہ بٹھائیں، عبدالعزیز سرپرہ

ہمیں انسانی قیمتی جانیں عزیز ہیں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے باعث اکثر روڈ حادثات رونما ہو رہے ہیں

نصیر آباد (خ ن) ہائی وے پولیس نصیر آباد کی جانب سے ٹریفک قوانین اور کورونا وائرس ایس او پیز پر عملدرآمد کرانے کیلئے قومی شاہراہ پر کارروائی درجنوں گاڑیوں کو چالان کرکے ان پر جرمانے عائد کیا گیا ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ریکا تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقے منگولی کے قریب قومی شاہراہ پر ایس پی ہائی وے پولیس نصیر آباد ریٹ عبدالعزیز سرپرہ کی سربراہی میں انسپکٹر سید مختیار شاہ، انسپکٹر یاسین خان، انسپکٹر منیر احمد

جنگ نمبر 56 صفحہ 3 پر

ایم 8 خضدار رتوڈیرو شاہراہ کی تکمیل سے نہ صرف آمدورفت میں عوام کو سہولت ملے گی، آغا شاہزیب درانی

اب ای شاہراہ کے لسبیلہ و خضدار سیکشن پر بھی تعمیراتی کام شروع ہوچکا ہے جس سے ترقی میں مزید اضافہ ہوگا

خضدار (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنما، سینیٹر آغا شاہزیب درانی، بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر رہنما سردار زادہ میر عبدالقیوم ساسولی نے سکھر میں پاکستان نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما، ایم این اے سید خورشید شاہ کے فرزند ایم پی اے سکھر سید فرخ شاہ سے ملاقات ان کے والد کی تعزیت دریافت اور ان کی صحت یابی کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اور بعد ازاں

جنگ نمبر 59 صفحہ 3 پر

چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اختر حسین لانگو ڈبلیو ایف ڈی کی جانب سے ایک روزہ آن لائن ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

علاقائی میڈیا کا معاشرے میں شعور و آگاہی اجاگر کرنے کے حوالے سے انتہائی اہم کردار ہوتا ہے

علاقائی میڈیا کی مسائل کے حوالے سے کردار اہمیت کی حامل ہے، حسین احمد لہڑی

نوشکی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر جمیل احمد زغلد اور سپرنٹنڈنٹ پولیس حسین احمد لہڑی نے منگل کے روز پریس کلب نوشکی کا دورہ کیا اور پریس کلب نوشکی کے مختلف حصوں کا معائنہ کیا اس موقع پر نوشکی پریس کلب کے جانب سے ڈپٹی کمشنر اور ایس پی کے اعزاز میں استقبالیہ بھی دیا گیا۔ صدر پریس کلب نوشکی طیب یلانزئی اور سینئر صحافی حاجی سعید بلوچ نے ڈپٹی کمشنر کو پریس کلب نوشکی اور صحافیوں

جنگ نمبر 63 صفحہ 3 پر

جمعیت علماء اسلام بھتہ خوری اور ٹیکس ملیٹنگ اور دھونس دھمکیوں کی سیاست نہیں کرتی، مولانا شاہ محمد صدیقی

اگر کسی کو کوئی مسئلہ ہوں وہ ہمارا مقامی یونٹ کے نمائندگان سے رابطہ کریں آپ کی خدمت کو ہم اپنی سعادت سمجھے گے

لسبیلہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام لسبیلہ کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل و تحصیل حب کے امیر مولانا شاہ محمد صدیقی و دیگر تحصیل اراکین عالمہ حافظ ہدایت اللہ، مفتی محمد یوسف، امیر محمد کاکڑ، مولانا محمد سلیمان، مفتی عبدالولی، وڈیرہ غلام قادر لانگو، عصمت اللہ آغا، مولانا عبدالواحد میروانی، حافظ عبدالباسط، و دیگر نے اپنے مشترکہ اظہاری بیان میں کہا کہ جمعیت علماء اسلام تحصیل حب اپنی ضلعی

جنگ نمبر 66 صفحہ 3 پر

لیویز چیک پوسٹ جیوا پر پھر سے بھتہ خوری میں سب سے آگے حکام بالا نوٹس لیں

لیویز چیک پوسٹ جیوا غریب و لاچار زمیاد گاڑی والوں کو تنگ کرنا شروع کردیا ہے، میر عبدالرحمن گرگناڑی

سوراب (آن لائن) لیویز چیک پوسٹ جیوا پر پھر سے بھتہ خوری میں سب سے آگے حکام بالا نوٹس لیں ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی سینئر نائب صدر میر عبدالرحمن گرگناڑی ضلعی فنانس سیکرٹری ڈاکٹر عبدالمالک رودینی، و دیگر نے اپنے جاری کردہ بیان ایک مذمتی بیان میں کہا گیا ہے کہ لیویز چیک پوسٹ جیوا غریب و لاچار زمیاد گاڑی والوں کو تنگ کرنا شروع کردیا ہے۔

سڑکوں اور سیوریج لائنوں میں غیر معیاری اور ناقص میٹریل کے استعمال کا نوٹس لیا جائے، کاشف حیدرین

مون سون کے بارشوں میں ہزار ٹاؤن کی سڑکیں اور گلیاں پھر ندی نالوں میں تبدیل ہوں گی

کوئٹہ (آن لائن) سماجی کارکن کاشف حیدرین نے کہا ہے کہ حلقہ پی بی 26 ہزار ٹاؤن میں سڑکوں اور سیوریج لائنوں میں غیر معیاری اور ناقص میٹریل کے استعمال کا نوٹس لیا جائے اگر یہی صورتحال رہی تو آنے والے مون سون کے بارشوں میں ہزار ٹاؤن کی سڑکیں اور گلیاں پھر ندی نالوں میں تبدیل ہوں گی غیر معیاری اور ناقص میٹریل کے استعمال سے کچھ دن قبل پکا بنائے ہوئے والی سڑکیں ابھی سے ٹوٹ پھوٹ کے شکار ہیں۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے مشیر محنت و افرادی قوت میر محمد خان لہڑی اور سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی ملاقات کر رہے ہیں

چمن بارڈر کی بندش اور بادینی بارڈر کی عدم بحالی کو بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کردیا گیا

ایکسپورٹ و امپورٹ اور سروس ہیڈ انڈسٹری پر انتہائی مضر اثرات مرتب ہوئے ہیں، سینئر نائب صدر

کوئٹہ (این این آئی) ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان نے چمن بارڈر کی بندش اور بادینی بارڈر کی عدم بحالی کو بلوچستان ہائی کورٹ میں چیلنج کردیا ہے۔ اس سلسلے میں چیمبر آف کامرس کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران نے سینئر قانون دان ثناء اللہ ایاچی ایڈووکیٹ کے توسط سے گزشتہ روز آئینی درخواست دائر کردی ہے۔ دائر کئے گئے آئینی درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ چمن بارڈر

جنگ نمبر 42 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار آج بلوچستان کے دو روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچیں گے

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار آج بلوچستان کے دو روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچیں گے، ذرائع کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار آج (جمعہ) دو روزہ دورے پر کوئٹہ پہنچیں گے جہاں وہ گورنر بلوچستان امان اللہ یاسین زئی سے ملاقات کے علاوہ زیارت جائیں گے جہاں وہ قائد اعظم ریزیڈنسی کا

جنگ نمبر 43 صفحہ 3 پر

شعیب احمد نے بطور سب انجینئر پی ایچ ای چارج سنبھال کر کام شروع کردیا

قلات (این این آئی) شعیب احمد نے بطور سب انجینئر پی ایچ ای چارج سنبھال کر کام شروع کردیا تفصیلات کے مطابق سب انجینئر شعیب احمد نے محکمہ پبلک ہیلتھ قلات میں بطور سب انجینئر چارج سنبھال کر کام شروع کردیا عوامی حلقوں کی جانب سے خیر مقدم۔

پولیس اہلکاروں کیلئے معاشرے کا ہر فرد قابل احترام ہے، نوید عالم

ضلع میں امن و امان کے قیام اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے پولیس فورس ہمہ وقت کوشاں ہے

کوہلو (خ ن) آئی جی پولیس بلوچستان کی خصوصی ہدایت پر ایس پی کوہلو کیپٹن (ر) نوید عالم نے بہترین کارکردگی دکھانے والے پولیس افسران و اہلکاروں میں تیس لاکھ روپے خفیہ تقسیم کیئے اس موقع پر ایس پی کوہلو کیپٹن (ر) نوید عالم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن و امان کے قیام اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے پولیس فورس ہمہ وقت کوشاں ہے پولیس اہلکاروں کیلئے معاشرے کا ہر فرد قابل احترام ہے دوران ڈیوٹی پبلک کے ساتھ بااخلاق ہوکر پیش آنا چاہیے ہمارے ہر اہلکار محکمہ پولیس کا فخر ہے ان کی جائز ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی جائز ضرورت کو پورا کیا جائے گا ایک آفیسر کی ذمہ داریوں میں شامل ہے جرات، بہادری اور دلیری سے فرائض منصبی سرانجام دینے والے پولیس جوانوں کی حوصلہ افزائی ہر فورم پر کی جائیگی۔

عوام کو صاف پانی کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

محکمہ کے افسران اور تمام اضلاع کے اہلکاروں کے استعداد کار کو بڑھانے کے لیے مناسب اقدامات کئے جائیں گے

تمام افسران اپنے اضلاع کے ہیڈ کوارٹرز میں اپنی موجودگی کو یقینی بنائیں، صوبائی وزیر پی ایچ ای/واسا

زیارت (خ ن) صوبائی وزیر پی ایچ ای/واسا حاجی نور محمد خان دمڑ کی زیر صدارت پی ایچ ای کے تمام اضلاع کے افسران کا سالانہ جائزہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری پی ایچ ای صالح بلوچ، ایم ڈی واسا جہانزیب خان، چیف پی ایچ ای ساوتھ، چیف پی ایچ ای نارتھ پی ایچ ای کے اے سیز تمام اضلاع کے ایکسین نے شرکت کی اس موقع پر سیکرٹری پی ایچ ای، ایم ڈی واسا اور دیگر افسران نے صوبائی وزیر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر پی ایچ ای/واسا حاجی نور محمد دمڑ نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ پی ایچ ای کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کئے جارہے

جنگ نمبر 37 صفحہ 3 پر

کوئٹہ سابق وزیر خزانہ میر خالد لانگو اور سعید حفیظ الرحمان شاہ سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

امن امان کے قیام کے لئے پولیس متحرک ہے، ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی صحبت پور

عوام بھی پولیس کے ساتھ جرائم پیشہ افراد کی نشاندہی میں پولیس کا ساتھ دیں

خیر دین (نامہ نگار) ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی صحبت پور آئی پی ایچ ایس ایڈیشنل ایس ایچ او ایس آئی مظہر علی ہاشمی نے کہا ہے کہ امن امان کے قیام کے لئے پولیس متحرک ہے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے پولیس تھانہ صحبت پور کے حدود میں دن رات گشت جاری ہے انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں تیز کردی ہیں اور جرائم کے خاتمے کیلئے سخت اقدامات اٹھائے جارہے ہیں عوام بھی پولیس کے ساتھ جرائم پیشہ افراد کی نشاندہی میں پولیس کا ساتھ دیں ان خیالات کا

جنگ نمبر 52 صفحہ 3 پر

باب دوستی بندش کیخلاف ہر فورم پر آواز اٹھایا ہے اور اٹھاؤنگا، صلاح الدین ایوبی

جمعیت علماء اسلام اپوزیشن میں ہوتے ہوئے بھی حکومت سے بڑھ کر زیادہ خدمت اور کام کی ہے

چمن (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی معاون برائے ناظم مالیات رکن قومی اسمبلی چیئرمین انٹی نارکوٹکس کمیٹی مولانا صلاح الدین ایوبی نے اپنے رہائشگاہ پر جمعیت علماء اسلام کے رہنما مولانا مفتی محمد قاسم حقانی عبدالکریم عرف مولانا کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ باب دوستی بندش کیخلاف ہر فورم پر آواز اٹھایا ہے اور اٹھاؤنگا جمعیت علماء اسلام اپوزیشن میں

جنگ نمبر 54 صفحہ 3 پر

شہید گل زمین حبیب جالب بلوچ کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائینگی، ملک محمد ساسولی

نوکنڈی (این این آئی) بی این پی کے مرکزی کمیٹی کے سابق رکن انجینئر ملک محمد ساسولی نے کہا کہ شہید گل زمین حبیب جالب بلوچ کی نظریات، خیالات اور عملی زندگی نہ صرف بلوچستان کے محکوم عوام کیلئے بلکہ اس خطے کے تمام مظلوم

جنگ نمبر 60 صفحہ 3 پر

ایس او پیز کے تحت کھیلوں کی سرگرمیوں کو بحال کیا جائے، نہال بلوچ

کھیلوں کی سرگرمیوں کو بھی بحال کرنے کیلئے ایس او پیز تیار کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ ایکشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس زیر صدارت نہال بلوچ کے منعقد ہوا، جس میں حکومت سے مطالبہ کیا کہ ایس او پیز کے تحت کھیلوں کی سرگرمیوں کو بحال کیا جائے، تاکہ کھلاڑیوں میں پائی جانے والی بے چینی ختم ہوں، تفصیلات کے مطابق بلوچ ایکشن کمیٹی کا اہم اجلاس ایوب سپورٹس کمپلیکس میں منعقد ہوا اجلاس کی صدارت نہال بلوچ نے کی، اجلاس میں صادق لانگو، صمد بلوچ، نجیب شاہ، عبدالغنی، عبدالکریم، ماسٹر اکرم بلوچ، منظور احمد سرپرہ، منیر احمد، محمد آصف لاشاری، منیر احمد، محمد

جنگ نمبر 61 صفحہ 3 پر

ایس ایچ او کنراج محمد رفیق سومرو کی دبنگ کارروائی، 5 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد

اوتھل (این این آئی) ایس ایچ او کنراج محمد رفیق سومرو کی دبنگ کارروائی، 5 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کرکے پانچ ملزمان کو دھر دبوچ لیا، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرکے شامل تفتیش کرلیا، تفصیلات کے مطابق منگل کے روز ایس ایچ او کنراج محمد رفیق سومرو نے SSP لسبیلہ پرویز خان مغرانی کی ہدایت پر کراچی کے مختلف تھانوں کی حدود سے چوری کی گئی پانچ موٹر سائیکلیں کنراج (ڈور) سے برآمد کرکے پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا۔

عوام نے حکومت اچھی کرنے کی تقریریں عمران خان سے بہت سن لی ہیں، رانا تنویر حسین

وزیر اعظم عمران خان نے حکومت کرنے کیلئے بڑے بڑے دعوے اور وعدے کئے تھے

آج ان کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے پھل دینے سے پہلے ہی اجڑ گئے ہیں، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

شیخوپورہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما و پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے چیئرمین رانا تنویر حسین ایم این اے نے کہا ہے کہ عوام نے حکومت اچھی کرنے کی تقریریں عمران خان سے بہت سن لی ہیں اور اب عوام سب سے بری حکومت عمران خان کی دیکھ رہے ہیں عمران خان نے اپوزیشن میں رہ کر جو قوم کو سبز باغ دکھائے تھے وہ سارے باغ آج ان کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے پھل دینے سے پہلے ہی اجڑ گئے ہیں یہ پاکستان کی تاریخ کی واحد حکومت ہے جس میں ایک ساتھ

جنگ نمبر 62 صفحہ 3 پر

غیر منتخب نمائندوں کو نوازنے کی پالیسی جاری ہے، احمد نواز بلوچ

عوام کی بہبود کیلئے خرچ ہونے والے وسائل کی ایک ایک پائی کا حساب دینے کو تیار ہیں

بغل میں چھری اور منہ میں رام رام کرنے والے ان افراد کی اصلیت عوام پر آشکار ہوچکی ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر و رکن بلوچستان اسمبلی میر احمد نواز بلوچ نے نیشنل پارٹی کوئٹہ کے صدر کی جانب سے سریاب میں ہونے والے ترقیاتی منصوبوں پر تنقید پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ موصوف کی اپنی پارٹی کے دور حکومت میں غیر منتخب نمائندوں کے ذریعے ایک ارب روپے سے زائد کی ترقیاتی اسکیموں کے نام پر وسائل کی لوٹ مار کی گئی اور ایسی

جنگ نمبر 39 صفحہ 3 پر

ڈائریکٹر خزانہ قوت تربیت سردار مشتاق بلوچ، ڈی پی او ٹی ٹی کوئٹہ شعیب انور ترین صوبے پر گفتگو کر رہے ہیں

سید اصغر شاہ کے سسر سید حسین شاہ بخاری (ٹنک) بقضائے الٰہی انتقال کر گئے

سبی (این این آئی) پیپلز پارٹی کے ضلعی انفارمیشن سیک